فضائل
شعبان وشب برات

تصنیف
حضرت مولانا محمد عبدالمبین صاحب نعمانی قادری
رکن المجمع الاسلامی، مبارک پور، اعظم گڑھ، یوپی

ناشر
رضا اکیڈمی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بفیض حضور مفتی اعظم حضرت علامہ شاہ محمد مصطفےٰ رضا قادری برکاتی نوری قدس سرہٗ

فضائل شعبان و شب برات

تصنیف

حضرت مولانا محمد عبدالمبین صاحب نعمانی قادری

رکن المجمع الاسلامی، مبارک پور، اعظم گڑھ، یوپی

For the Isaale Sawab of

MARHOOM HAJI HAROON MOHAMMED SHEKHANI

MARHOOMA HAJIYANI SHAMEEM HAJI HAROON SHEKHANI

MARHOOM ABDUL HAMID YUSUF KAPADIA

MARHOOMA SHEHNAZ VALI MOHAMMED MALKANI

ناشر

رضا اکیڈمی

۵۲ ڈونگاڈ اسٹریٹ، کھڑک، ممبئی ۹ فون: ۶۶۳۴۲۱۵۶

سلسلۂ اشاعت نمبر ۶۴۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم

برکات وحسنات کی ایک حسین رات

شب برات

جو مانگنے کا طریقہ ہے اس طرح مانگو
در کریم سے بندے کو کیا نہیں ملتا

سال کے دنوں اور راتوں میں پندرہویں شعبان کی مقدس رات ''شب برات'' اور پندرہواں دن بڑی برکتوں کا ہے، امت محمدیہ پر اللہ عزوجل کا کرم خاص ہے کہ اس نے شب براءت جیسی نورانی رات سے سرفراز فرمایا، یہ رات ہر سال آتی اور چلی جاتی ہے لیکن کتنے غافل اور کاہل ایسے ہیں جو اس کی قدر نہیں کرتے اور سو کر پوری رات گزار دیتے ہیں اور ان سے بھی بدتر وہ ہیں جو اس مقدس رات کو کھیل تماشوں اور لغویات کی نذر کر دیتے ہیں، ہاں بڑے خوش قسمت اور نیک بخت ہیں وہ اللہ کے اطاعت شعار بندے جو اس رحمت بھری اور نور ونکہت میں ڈوبی ہوئی شب کو قدر ومنزلت کی نگاہ سے دیکھتے اور اس میں اپنے مولائے کریم کو یاد کرتے ہیں، اس کی مقدس اور رحمت بھری بارگاہ سے برکت ونور کی خیرات مانگتے اور اپنے گناہوں پر پشیمان وشرمندہ ہو کر توبہ واستغفار کرتے ہوئے اسے گزارتے ہیں، مساکین وغربا پر صدقات وخیرات بھی کرتے ہیں، اقرباواحباب کو تحائف سے بھی نوازتے ہیں اور ساتھ ہی شہر خموشاں میں آرام کرنے والے مرحومین ومتعلقین کو بھی نہیں بھولتے ان کے لیے بھی فاتحہ وایصال ثواب کا اہتمام کرتے ہیں۔ یقیناً زندوں کے ساتھ اس دنیائے فانی سے کوچ کرنے والے ہمارے بھائی بھی ہمارے احسان وکرم اور امداد ونصرت کے مستحق ہیں۔ لہذا مبارک راتوں اور مقدس ایام میں ضرور انھیں بھی یاد کرنا چاہیے۔

حدیث پاک میں آیا ہے اگر تم میں کوئی اپنے بھائی کو نفع پہنچا سکتا ہو تو پہنچائے (مسلم شریف ۲/۲۲۳ حدیث ۵۶۹۱۔ مسند امام احمد ۳/۳۱۵)

اور صدقہ وتلاوت قرآن نیز ذکر خیر کا ثواب اگر کسی مرحوم کو پہنچایا جائے تو یقیناً ان کو پہنچتا ہے اور ان کو اس سے فائدہ ہوتا ہے، اس پر احادیث کثیرہ شاہد ہیں، امت مسلمہ میں کوئی بھی اس کا منکر نہیں اور جو منکر ہے وہ یقیناً گمراہ اور مسلمانوں کا بدخواہ ہے۔

حدیث سے ثابت ہے کہ اس مبارک شب میں بنی کلب کی بکریوں کے بال سے زیادہ گنہ گاروں کی اللہ تعالیٰ بخشش فرماتا ہے۔

واضح رہے کہ بنی کلب عرب کا ایک قبیلہ تھا جہاں بکریاں زیادہ پائی جاتی تھیں۔ لیکن متعدد روایات سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ مغفرت ورحمت کی اس مقدس رات میں چند ایسے بھی بدبخت ہیں جو بغیر توبہ معاف نہیں کیے جاتے اور وہ رحمت خداوندی سے محروم ہی رہتے ہیں، وہ یہ ہیں:

۱- مشرک، یعنی خدا کے ساتھ اس کی ذات وصفات میں کسی کو شریک کرنے والا، ۲- ماں کا نافرمان، ۳- باپ کی نافرمانی کرنے والا، ۴- کاہن، (اٹکل سے غیب کی باتیں بتانے والا) ۵- نجومی (ستاروں سے غیب کی خبریں بتانے اور اس پر یقین کرنے والا) ۶- جادوگر، ۷- فال نکالنے والا، ۸- بدمذہب (بدعتی)، ۹- قاتل، ۱۰- رشتہ کاٹنے والا (اپنا یا دوسرے کا)، ۱۱- کینہ پرور، ۱۲- سود کھانے کا عادی، ۱۳- سود دینے والا، ۱۴- زنا وبدکاری کا عادی، ۱۵- شرابی، ۱۶- باجہ بجانے والا، ۱۷- گویا (فحش اور فضول گانے والا)، ۱۸- کپڑا، تہبند، پاجامہ، کرتا وغیرہ ٹخنوں سے نیچے لٹکا کر تکبر کرنے والا، ۱۹- ناجائز محصول (ٹیکس) وصول کرنے والا، ۲۰- جلاد۔

ان بڑے بڑے گناہوں کے مرتکبین کو چاہیے کہ اس برکت والی رات کے آنے سے پہلے ہی یا خاص اس بابرکت رات میں ان گناہوں سے خدا کی بارگاہ میں

سچی توبہ کریں اور آئندہ ان سے بچنے کا پختہ عزم بھی کریں تو پھر اس نورانی رات میں خدائے بزرگ وبرتر کی طرف سے ہونے والی رحمتوں کی بارش میں ضرور نہا کر گناہوں سے پاک صاف اور رحمت خداوندی سے مالا مال ہو جائیں گے بلکہ ان مذکورہ گناہوں کے علاوہ بھی جو گناہ کیے ہوں ان سے بھی توبہ واستغفار میں جلدی کرنی چاہیے جو بے نمازی ہیں وہ توبہ کریں کہ اب آئندہ نمازیں ترک نہیں کریں گے اور جو قضا ہو چکی ہیں ان کو جلد سے جلد ادا کرنے کا بھی عہد کریں بلکہ اس بابرکت شب میں نوافل کے بجائے اپنی قضا نمازیں پڑھیں کہ جب تک قضا نمازیں ادا نہ ہوں نوافل قبول نہیں ہوتے، بے روزہ دار توبہ کریں کہ اب آئندہ روزے نہیں چھوڑیں گے اور جو چھوٹ چکے ہیں ان کو جلد ادا کرنے کا عہد کریں، اپنے مالوں کی زکوٰۃ نہ دینے والے توبہ کریں کہ اب پورا پورا حساب کر کے زکوٰۃ نکالیں گے جو خدا کا بھی حق ہے اور بندوں کا بھی اور آج تک جو زکوٰۃ ذمے میں باقی ہے اس کو بھی جلد تر ادا کرنے کا عہد کریں۔ بلکہ جس قدر ہو سکے جلد از جلد ادا کرنے میں لگ جائیں۔

اور جو حقوق العباد (بندوں کے حقوق) اپنے اوپر ہیں صاحبِ حق سے مل کر معافی طلب کرلیں کہ بندوں کا حق اللہ تعالیٰ معاف نہیں فرماتا جب تک کہ وہ بندہ خود معاف نہ کردے جس کا کسی پر حق ہے، بندوں کے چند حقوق یہ ہیں، مثلاً کسی کا مال یا جائداد ہڑپ کرلیا، قرض لیا، کسی کو گالی دی، کسی کی آبروریزی کی، کسی کی غیبت کی، کسی کی چغلی کی، کسی کو ناحق مارا، کسی کا مذاق اڑایا، استاذ اور ماں باپ کی نافرمانی کی۔ پڑوسیوں کے حق کی ادائیگی میں کوتاہی کی تو ان کو ضرور معاف کرالیں اور جو چیزیں مال، جائیداد وغیرہ واپس کرنے کے لائق ہیں ان کو واپس کردیں یا صاحب حق سے دست برداری کرالیں تاکہ آخرت کے مواخذے سے بچ جائیں، اور شب برات کی برکتوں سے بھی مالا مال ہوں۔

شب برات میں غسل

شب برات میں غسل کرنا مستحب ہے تاکہ شب بیداری میں مدد ملے اور اس سے عظمت وفضیلت بھی ظاہر ہوتی ہے اس لیے کہ اس شب میں لوگوں کے رزق اور موت کے پروانے تقسیم ہوتے ہیں۔

(کمانی نورالایضاح ومراقی الفلاح ص ۱۰۸، دارالکتب بیروت)

شب برات میں دعائیں مقبول ہوتی ہیں

شب برات کو ایک خصوصیت یہ بھی حاصل ہے کہ اس میں دعائیں مقبول ہوتی ہیں لہذا جملہ دینی ودنیاوی مقاصد پر مشتمل دعائیں اس مبارک شب میں مانگنی چاہیے، اسی لیے علمانے اوقات اجابت یعنی مقبولیت دعا کے اوقات میں شب برات کو بھی شمار فرمایا ہے، چنانچہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ العزیز حاشیہ "احسن الوعا لآداب الدعا" میں تحریر فرماتے ہیں:

"رجب کی چاند رات، شب برات، شب عید الفطر، شب عید الاضحیٰ"

یعنی یہ راتیں بھی مقبولیت کے لیے خاص ہیں، پھر ابن عساکر کی یہ حدیث نقل فرمائی "عن ابی امامۃ رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم: خُمس لیالٍ لاتُرَدُّ فیھن الدَّعْوَۃُ اَوَّلُ لَیْلَۃٍ مِّنْ رَجَبَ وَلَیْلَۃُ النصفِ مِنْ شَعْبَانَ وَلیلۃُ الْجُمُعَۃِ وَلَیْلَۃُ الْفِطْرِۃِ وَلَیْلَۃُ النحرِ"۔

(احسن الوعا لآداب الدعاء مع حاشیہ ذیل المدعا، ص ۱۵، مطبوعہ اشرفیہ مبارک پور ۱۴۱۵ھ/۱۹۹۴ء)

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: پانچ راتیں ہیں کہ ان میں دعا رد نہیں کی جاتی، رجب کی پہلی رات، شعبان کی پندرہویں رات (شب برات) جمعہ کی رات، عید الفطر کی رات اور نحر یعنی بقر عید کی رات۔ (دسویں ذی الحجہ کی شب)

یہ حدیث جامع صغیر امام جلال الدین سیوطی میں بھی ابن عساکر کے حوالے سے منقول ہے۔ (جامع صغیر: ۲۴۱۔ حدیث ۳۹۵۲)

لہذا اس مبارک شب میں چاہیے کہ کثرت سے دعائیں مانگیں، خدائے کریم کی بارگاہ میں اپنی اپنی حاجتیں پیش کریں، اپنے گناہوں سے سچی توبہ کریں اور سب سے اہم یہ کہ ایمان پر خاتمے کی دعا مانگیں اور ہو سکے تو علامہ امام محمد جزری رحمۃ اللہ علیہ کی مبارک کتاب ''حصن حصین'' کو مکمل ایک بار پڑھ لیں کہ یہ سرکار اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی ارشاد فرمودہ دعاؤں کا بڑا مبارک مجموعہ ہے۔ اور اس میں ہر موقع کی دعائیں درج ہیں،

ماہِ شعبان کی فضیلت واہمیت

ماہ شعبان بالخصوص اس کی پندرہویں شب یعنی شب برات کی اہمیت وفضیلت اہل اسلام کے نزدیک مسلم ہے، مگر افسوس کہ ایک طرف تو بعض نام نہاد مسلمان اس کی فضیلت ہی کا سرے سے انکار کرتے ہیں، دوسری طرف اس کے ماننے والوں میں ایک بڑی تعداد ان جاہلوں اور بدعمل مسلمانوں کی ہے جو اس معظم اور سراپا خیر وبرکت رات کو طرح طرح کے کھیل کود اور آتش بازی جیسے شیطانی افعال سے آلودہ کر کے اس کی فضیلت ونورانیت کا کھلا مذاق اڑاتے ہیں، جسے دیکھ کر بلاشبہہ کہا جاسکتا ہے کہ یہ لوگ شب برات کی اہمیت وفضیلت تسلیم ہی نہیں کرتے بلکہ محض ڈھونگ رچاتے ہیں، خدائے تعالیٰ ایسے مسلمانوں کو اپنے غلط اعمال کے محاسبے اور اپنی اصلاح کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

یوں تو ماہ شعبان کی فضیلت شب برات اور پندرہویں شعبان کے روزے کی فضیلت سے ہی واضح ہے، مگر اس ماہ مبارک کی اہمیت اس سے اور بڑھ جاتی ہے کہ یہ مہینہ رمضان شریف کا پڑوسی ہے اور اس ماہ مبارک کا چاند حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بطور خاص ملاحظہ فرماتے، لہذا ذیل میں اس سلسلے کی بعض احادیث ذکر کی جاتی ہیں۔

(۱) عن عبدالله بن ابی قیس قال سمعت عائشةَ رضی الله عنها تقول: کان رسول الله ﷺ یتحفظ من شعبان مالا یتحفظ من غیرہ ثم یصوم لرؤیة رمضان فان غم علیه عد ثلثین یوما ثم صام۔

عبداللہ بن ابی قیس کہتے ہیں کہ میں نے ام المومنین حضرت صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شعبان کا اس قدر تحفظ (اہتمام) کرتے کہ اتنا کسی کا نہ کرتے، پھر رمضان کا چاند دیکھ کر روزہ رکھتے اور اگر ابر ہوتا تو تیس دن پورے کر کے روزے رکھتے۔

(ابوداؤد ۱/ ۳۱۸، باب إذا أغمی الشہر کتب خانہ رشیدیہ، دہلی)

(۲) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ سرکار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: "شَعْبَانُ شَهْرِیْ وَرَمَضَانُ شَهْرُ اللّٰهِ" شعبان میرا مہینہ ہے اور رمضان اللہ کا مہینہ ہے۔

(مسند الفردوس للدیلمی، جامع صغیر سیوطی، ص ۳۰۱، حدیث: ۴۸۸۹)

اور دوسری روایت حضرت عائشہ سے اس طرح ہے: "شَهْرُ رَمَضَانَ شَهْرُ اللّٰهِ شَهْرُ شَعْبَانَ شهری، شعبان الْمُطَهِّرُ وَرَمَضَانُ الْمُكَفِّرُ"

(ابن عساکر، جامع صغیر سیوطی، حدیث: ۴۹۰۳)

رمضان کا مہینہ اللہ کا ہے اور شعبان کا مہینہ میرا ہے، شعبان پاک کرنے والا ہے اور رمضان گناہ مٹانے والا ہے۔

شعبان کو حضور نے اپنا مہینہ بتایا اس کی کئی توجیہ ہے ایک یہ کہ اس میں قیام اور روزوں کا حکم میں نے دیا ہے دوسرے یہ کہ اسی مہینے میں آیت درود نازل ہوئی: یعنی "اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ"۔ (احزاب: ۵۶/۳۳)

ایسا ہی مواہب لدنیہ امام قسطلانی (۳/ ۳۲۲) میں ہے:

(۳) عن انس قال کان رسولُ الله علیه وسلم إذا دَخَلَ رَجَبُ قَالَ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِی رَجَبَ وَشَعْبَانَ وَبَلِّغْنَا رَمَضَانَ۔ الحدیث۔

اے اللہ ہمارے لیے رجب اور شعبان میں برکت دے اور رمضان تک پہنچادے ،(بیہقی دعوات کبیر بحوالہ مشکوٰۃ ص ۱۲۱ باب الجمعہ ۔شعب الایمان بیہقی ۳/۳۷۵ حدیث ۳۸۱۵)

حکیم الامت مفتی احمد یار خاں نعیمی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں :صوفیہ کرام فرماتے ہیں رجب تخم یعنی بیج بونے کا مہینہ ہے شعبان پانی دینے کا اور رمضان کاٹنے کا ، کہ رجب میں نوافل میں خوب کوشش کرو۔شعبان میں اپنے گناہوں پر روؤ اور رمضان میں روزہ رکھ کر رب کی رضا حاصل کر کے اس کھیت کو خیریت سے کاٹو،

(مرآت شرح مشکوٰۃ:۲/۳۳۰)

مسئلہ: پانچ مہینے کا چاند دیکھنا واجب کفایہ ہے ،شعبان ،رمضان ،شوال ، ذی قعدہ ،ذی الحجہ۔شعبان کا اس لیے کہ اگر رمضان کا چاند دیکھتے وقت ابر یا غبار ہو تو یہ تیس پورے کر کے رمضان شروع کریں ،اور رمضان کا ،روزہ رکھنے کے لیے اور شوال کا ،روزہ ختم کرنے کے لیے اور ذی قعدہ کا ذی الحجہ کے لیے اور ذی الحجہ کا بقر عید کے لیے۔ (بہار شریعت:۵/۱۰۶)

مسئلہ: اگر شعبان کی تیسویں تاریخ کے دن میں (چاند) دیکھا تو یہ دن شعبان کا ہے ،رمضان کا نہیں ،لہذا آج کا روزہ فرض نہیں۔

(درمختار ،ردالمحتار ،بہار شریعت ۵/۱۱۰)

تحویل قبلہ: ماہ شعبان کی یادگاروں میں ایک یادگار یہ بھی ہے کہ خاص پندرہویں شعبان سہ شنبہ میں بیت المقدس کی بجائے خانہ کعبہ قبلہ قرار پایا۔

(تفسیر قرطبی:۲/۱۴۶)

شعبان کے روزے کی فضیلت

ماہ شعبان المعظم کے روزے کی فضیلت میں کئی احادیث مروی ہیں ذیل میں انہیں بھی بیان کیا جاتا ہے ، اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قدس سرہ یہ حدیث نقل فرماتے ہیں:

(۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"أَفْضَلُ الصَّوْمِ بَعْدَ رَمَضَانَ شَعْبَانُ لِتَعْظِيمِ رَمَضَانَ"

رمضان کے بعد سب سے افضل شعبان کے روزے ہیں تعظیم رمضان کے لیے۔(رواہ الترمذی واستغربہ ،والبیھقی فی الشعب وفیہ صدقۃ بن موسیٰ)

(فتاویٰ رضویہ: جلد چہارم ص ۶۵۹ سنی دارالاشاعت مبارک پور)

(۲) "مَارَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ اسْتَكْمَلَ صِيَامَ شَهْرٍ قَطُّ اِلَّا رَمَضَانَ وَمَارَأَيْتُهُ فِيْ شَهْرٍ اَكْثَرَ مِنْهُ صِيَاماً فِيْ شَعْبَانَ وفِيْ رِوَايَةٍ قَالَتْ كَانَ يَصُوْمُ شَعبانَ اِلَّا قَلِيْلاً" (متفق علیہ)

صحیحین میں ہے ام المومنین حضرت صدیقہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) فرماتی ہیں: "حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سوائے رمضان کے کسی مہینے کا پورا روزہ نہیں رکھتے تھے اور اس کے بعد آپ کو شعبان سے زیادہ کسی مہینے میں روزہ رکھتے میں نے نہیں دیکھا ،ایک روایت میں ہے کہ پورے شعبان کا روزہ رکھتے اور کبھی اکثر ایام کا۔

(بخاری ۱/۲۶۴ ،ابن ماجہ ۱۲۲ ،مشکوٰۃ:ص ۱۷۸)

(۳) "عن أبي سَلَمَةَ عَن أمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تعالیٰ علیہ وسلم یصلُ شَعْبَانَ بِرَمَضَانَ"۔ (ابن ماجہ:۱۱۹)

ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شعبان کو رمضان سے ملا دیتے تھے۔

(۴) "عن أمِّ سلمة قَالَتْ مارَأَيْتُ النَّبِيَّ صلی اللّٰهُ علیہ وسلم يَصُوْمُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ اِلَّا شَعْبَانَ وَرَمَضَانَ"۔(ترمذی:۱/۹۲ ،ابواب الصوم)

ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی کہا کہ میں نے مسلسل دو مہینے سرکار اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو روزہ رکھتے نہیں دیکھا سوائے شعبان ورمضان کے۔

(۵) "عن رَبِيْعَةَ بْنِ الغَازِانَه سألَ عَائِشَة عَن صِيَامِ رَسُوْلِ اللّٰهِ فَقَالَتْ كَانَ يَصُوْمُ شَعْبَانَ كُلَّهُ حَتّٰى يَصِلَهُ برَمَضَانَ"۔ (ابن ماجہ:۱۹۹)

حضرت ربیعہ ابن الغاز رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روزے کے بارے میں سوال کیا تو فرمایا کہ حضور پورے شعبان روزہ رکھتے تھے، یہاں تک کہ اس کو رمضان سے ملا دیتے تھے۔ (ابن ماجہ:۱۹۹)

پورے شعبان سے اکثر ایام مراد ہے جیسا کہ حضرت عائشہ ہی کی دوسری روایت سے پتہ چلتا ہے جو آگے آرہی ہے۔

(۶) "عن أبی هریرة رضی اللّٰه تعالیٰ عنه قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم لَا تُقَدِّمُوْا صِيَامَ رَمَضَانَ بِيَوْمٍ وَلَا يَوْمَيْنِ اِلَّا رَجُلٌ كَانَ يَصُوْمُ صَوْماً فَيَصُوْمُهٗ"۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: رمضان کے روزوں سے ایک روز یا دو روز پہلے روزہ نہ رکھو، ہاں اگر کوئی شخص کوئی روزہ پہلے سے رکھتا چلا آرہا ہے تو وہ رکھ سکتا ہے۔

(ابوداؤد:۱/۳۱۹۔ترمذی:۱/۸۶۔ابن ماجہ:۱۱۹)

یعنی مثلاً کوئی ہر دوشنبہ کو روزہ رکھتا ہے اتفاقاً وہ شعبان کے آخر میں پڑ گیا تو رکھ سکتا ہے، ہاں خاص رمضان کی تعظیم کے طور پر آخر شعبان کو روزہ نہ رکھنا بہتر ہے۔ تاکہ رمضان کی انفرادیت اور اس کا امتیاز باقی رہے۔

(۷) "عن أبی هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم اِذَا كَانَ النِّصْفُ مِنْ شَعْبَانَ فَلَا صَوْمَ حَتّٰى يَجِيْئَ رَمَضَانُ"۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب نصف شعبان ہو جائے تو رمضان کے آنے تک کوئی روزہ نہیں۔

(ابوداؤد:۱/۳۱۹۔ابن ماجہ:۱۱۹۔ترمذی:۱/۹۲)

حضور کا عمل تو وہی تھا جو اوپر حضرت عائشہ اور ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہوا اور یہ حکم غالباً امت کے لیے بطور تخفیف وشفقت تھا کہ لوگ مشقت میں نہ

پڑ جائیں اور ان پر رمضان کا روزہ دشوار نہ ہو جائے کیوں کہ جب پہلے ہی سے روزے شروع کر دیں گے تو رمضان میں کمزور ہو جانے کا خطرہ رہے گا۔

(۸) "عن ابی سلمة قالت سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ صَوْمِ النَّبِيِّ صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم فَقَالَتْ كَانَ يَصُوْمُ حَتّٰى نَقُوْلَ قَدْ صَامَ وَيُفْطِرُ حَتّٰى نَقُوْلَ قَدْ أَفْطَرَ وَلَمْ أَرَهُ صَامَ مِنْ شَهْرٍ قَطُّ أَكْثَرَ صِيَامِهٖ مِنْ شَعْبَانَ كَانَ يَصُوْمُ شَعْبَانَ كُلَّهٗ كَانَ يَصُوْمُ شَعْبَانَ اِلَّا قَلِيْلًا"۔

ابوسلمہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روزوں کی کیفیت پوچھی تو فرمایا کبھی حضور مسلسل اتنے روزے رکھتے کہ ہمیں خیال گزرتا کہ اب آپ افطار نہ کریں گے اور جب کبھی افطار فرماتے تو ہمیں یہ گمان ہوتا کہ آپ روزے نہ رکھیں گے اور میں نے آپ کو شعبان سے زیادہ کسی مہینے میں روزہ رکھتے نہیں دیکھا، آپ سوائے چند روز کے پورے ماہ روزے رکھتے۔

(بخاری:۱/۲۶۴، ابن ماجہ:۱۲۳)

(۹) "عن عبدالله بن أبی قیس سَمِعَ عَائِشَةَ تَقُوْلُ كَانَ أَحَبُّ الشُّهُوْرِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللّٰه تعالی علیه وسلم أَنْ يَصُوْمَهٗ شَعبان ثُمَّ يَصِلُهٗ برمضَانَ"۔

حضرت عبداللہ بن ابی قیس حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتے ہیں وہ کہتی ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو شعبان کے (نفل) روزے تمام مہینوں سے زیادہ محبوب تھے پھر حضور اسے رمضان سے ملا دیتے۔

(ابوداؤد:۱/۳۳۰)

(۱۰) "عن اسامة بن زید رضی اللّٰه تعالیٰ عنهما قال، قلت یارسول اللّٰه! لَمْ أَرَكَ تَصُوْمُ شَهْرًا مِنَ الشُّهُوْرِ مَاتَصُوْمُ مِنْ شَعْبَانَ، قال: ذٰلك شَهْرٌ يَغْفُلُ النَّاسُ عَنْهُ بَيْنَ رَجَبَ وَرَمَضَانَ وَهُوَشَهْرٌ تُرْفَعُ فِيهِ الْأَعْمَالُ اِلٰى رَبِّ الْعَالَمِيْنَ فَأُحِبُّ أَنْ يُّرْفَعَ عَمَلِیْ وَأَنَا صَائِمٌ"۔

(رواہ النسائی:۱/۲۵۱، کتاب الصیام باب صوم النبی صلی اللہ علیہ وسلم)

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہا کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ! میں حضور کو شعبان میں سب مہینوں سے زیادہ روزے رکھتے دیکھتا ہوں، فرمایا: یہ ایک ایسا مہینہ ہے کہ لوگ اس سے غافل ہیں جو رجب اور رمضان کے درمیان ہے اور وہ ایسا مہینہ ہے کہ اس میں اعمال، رب العالمین کی بارگاہ میں پیش ہوتے ہیں اور مجھے پسند ہے کہ میرا عمل اس حال میں پیش ہو کہ میں روزے سے ہوں۔ (نسائی شریف ۱/۲۵۱)

(۱۱) "وعن انس بن مالك رضی الله تعالیٰ عنه قال كان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصوم ولا یفطر حتی نقول مافی نفس رسول الله صلی الله علیه وسلم ان یفطر العام ثم یفطر فلا یصوم حتی نقول مافی نفسه ان یصوم العام وكان أحبُّ الصَّوْمِ الیه فی شعبان"۔

(رواه احمد والطبرانی، الترغیب ۲/۴۹، باب الترغیب فی صوم شعبان)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہا: رسول اللہ روزہ رکھتے اور افطار نہیں کرتے یہاں تک کہ ہم لوگ کہتے حضور کا خیال ہے کہ سال بھر افطار ہی نہیں کریں گے، پھر ایسا ہوتا کہ برابر افطار میں رہتے یعنی روزہ نہیں رکھتے یہاں تک کہ ہم لوگ کہتے کہ حضور کا کیا خیال ہے سال بھر اب روزہ نہ رکھیں گے، اور حضور کو سب سے پسندیدہ شعبان کا روزہ تھا۔ (الترغیب ۲/۴۹)

(۱۲) "عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم أحْصُوا هِلَالَ شَعْبَانَ لِرَمَضَانَ"۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: رمضان کے لیے شعبان کے چاند کا شمار کرو۔

(ترمذی: ۱/۸۷)

یعنی شعبان کے چاند کو دیکھنے کی تاکید فرمائی تاکہ رمضان کا حساب صحیح ہو سکے۔

شب برات کی فضیلت

پندرہویں شعبان اور شب برات یعنی پندرہویں شعبان کی رات کی احادیث میں بڑی فضیلت آئی ہے، ان میں بعض کا ذکر کیا جاتا ہے۔

(۱) "عن معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنه عن النَّبیِّ صلی اللّٰهُ تعالیٰ علیه وسلم یطلُعُ اللّٰهُ اِلیٰ جَمِیْعِ خلْقِهٖ لَیْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَیَغْفِرُ لِجَمِیْعِ خَلْقِهٖ اِلَّا لِمُشْرِكٍ أوْ مُشَاحِنٍ"۔

(رواه الطبرانی وابن حبان فی صحیحه)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں، شعبان کی پندرہویں شب میں اللہ عزوجل اپنی تمام مخلوق کی طرف تجلی فرماتا ہے اور سب کو بخش دیتا ہے مگر کافر اور عداوت والے کو۔

(الترغیب والترہیب للمنذری ج ۲/۵۱، باب ماجاء فی صیام النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۔۳/۴۵۲، باب الترہیب من التہاجر)

حضور صدر الشریعہ اعظمی علیہ الرحمہ مصنف بہار شریعت مذکورہ حدیث ذکر کر کے فرماتے ہیں:

"جن دو شخصوں میں دنیوی عداوت ہو تو اس رات کے آنے سے پہلے انہیں چاہیے کہ ہر ایک دوسرے سے مل جائے اور ہر ایک دوسرے کی خطا معاف کردے تاکہ مغفرت الٰہی انہیں بھی شامل ہو، انہیں احادیث کی بنا پر بحمدہ تعالیٰ یہاں بریلی میں اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلہ الاقدس نے یہ طریقہ مقرر فرمایا ہے کہ ۱۴ر شعبان کو رات آنے سے پہلے مسلمان آپس میں ملتے اور عَفْوِ تقصیر (غلطی کی معافی) کراتے ہیں اور ہر جگہ کے مسلمان بھی ایسا ہی کریں تو نہایت اَنْسب و بہتر ہے۔ (بہار شریعت: ۵/۱۳۸، فاروقیہ، دہلی)

(۲) "عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللّٰه تعالیٰ

علیہ وسلم قال أتانی جبرئیل علیہ السلام فقال ھذہ لیلۃ النصف من شعبان ولہ فیھا عتقاء من النار بعدد شعور غنم کلب ولا ینظر اللہ فیھا الی مشرک ولا الی مشاحن ولا الی قاطع رحم ولا الی مسبل ولا الی عاق لوالدیہ ولا الی مدمن خمر"۔ (الترغیب:۲/۵۱، باب الترغیب فی صوم شعبان)

ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا میرے پاس جبریل علیہ السلام آئے اور کہا یہ شعبان کی پندرہویں رات ہے اس میں اللہ تعالیٰ جہنم سے اُتنوں کو آزاد فرماتا ہے جتنے بنی کلب کی بکریوں کے بال ہیں مگر کافر اور عداوت والے اور رشتہ کاٹنے والے اور کپڑا ٹخنا نے والے (یعنی ٹخنوں سے نیچے کپڑا ٹکانے والے) اور والدین کی نافرمانی کرنے والے اور شراب کی مداومت کرنے والے کی طرف نظر رحمت نہیں فرماتا۔ (بیہقی)

(۳) "عن عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قالت قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم إنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ یَطَّلِعُ علیٰ عِبَادِہٖ فی لَیْلَۃِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَان فَیَغْفِرُ لِلْمُسْتَغْفِرِیْنَ وَیَرْحَمُ الْمُسْتَرْحِمِیْنَ وَیُؤَخِّرُ أَھْلَ الْحِقْدِ کَمَا ھُمْ"۔ (الترغیب:۲/۵۲)

بیہقی نے ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل شعبان کی پندرہویں شب میں تجلی فرماتا ہے، استغفار کرنے والوں کو بخش دیتا ہے اور طالب رحمت پر رحم فرماتا ہے اور کینہ والوں کو جس حال پر ہیں اسی پر چھوڑ دیتا ہے۔

(۴) عن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ "عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال إذا کانت لیلۃ النصف من شعبان فقوموا لیلھا وصوموا نھارھا فإنَّ اللّٰہَ تبارک وتعالیٰ ینزل فیھا لغروب الشمس إلی السماء الدنیا فیقول: "ألا من مستغفر فأغفرلہ، ألا من مسترزق فأرزقہ، ألا من مبتلیٰ

فأعافیہ، ألا کذا ألا کذا حتیٰ یطلع الفجر"۔

(الترغیب:۲/۵۲۔۱۲۰، ابن ماجہ ۱۰۰، فی صوم شعبان، مشکوٰۃ ص ۱۱۵)

مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے مروی، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں جب شعبان کی پندرہویں رات آجائے تو اس رات کو قیام کرو (یعنی نماز وعبادت میں گزارو) اور اس کے دن میں روزہ رکھو کہ رب تبارک وتعالیٰ غروب آفتاب سے آسمان دنیا پر خاص تجلی فرماتا ہے اور اعلان کرتا ہے کہ:

☆ ہے کوئی بخشش چاہنے والا کہ اسے بخش دوں
☆ ہے کوئی روزی طلب کرنے والا کہ اسے روزی دوں
☆ ہے کوئی مبتلا کہ اسے عافیت دوں
☆ ہے کوئی ایسا، ہے کوئی ایسا
☆ اور یہ اس وقت تک فرماتا ہے کہ فجر طلوع ہوجائے۔

(بہار شریعت:۵/۱۳۸)

(۵) "عن عائشۃ قالت فَقَدْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ذاتَ لَیْلَۃٍ فَخَرَجْتُ أَطْلُبُہٗ فَإِذَاھُوَ بِالْبَقِیْعِ رَافِعٌ رَأْسَہٗ إِلَی السَّمَاءِ فَقَالَ یَاعَائِشَۃُ أَکُنْتِ تَخَافِیْنَ أن یَحِیْفَ اللّٰہُ عَلَیْکِ وَرَسُوْلُہٗ قالت قَدْ قُلْتُ وَمَالِیْ ذٰلِکَ وَلٰکِنِّیْ ظَنَنْتُ أَنَّکَ أَتَیْتَ بَعْضَ نِسَاءِکَ فَقَالَ إِنَّ اللّٰہَ تعالیٰ یَنْزِلُ لَیْلَۃَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ إِلَی السَّمَاءِ الدُّنْیَا فَیَغْفِرُ لِأَکْثَرَ مِنْ عَدَدِ شَعْرِ غَنَمِ کَلْبٍ"۔ (ابن ماجہ:۹۹، ترمذی:۱/۹۲)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی کہ وہ کہتی ہیں: ایک رات میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نہ پایا تو میں ان کو تلاش کرنے نکلی، تو دیکھا کہ وہ بقیع شریف میں موجود ہیں، فرمایا: اے عائشہ! کیا تجھے ایسا گمان ہوا کہ میری طرف سے تم پر کچھ زیادتی ہوگئی، میں نے عرض کیا یارسول اللہ میں نے گمان کیا

کہ آپ بعض دوسری ازواج کے پاس تشریف لے گئے ہیں۔

پھر فرمایا: بلاشبہہ اللہ تعالیٰ شعبان کی پندرہویں شب میں آسمان دنیا پر تجلی فرماتا ہے، پھر بنی کلب کی بکریوں کے بال سے زیادہ تعداد میں لوگوں کو بخش دیتا ہے۔

امام رَزین نے اتنا اور زیادہ کیا ہے کہ: ان لوگوں کی مغفرت فرماتا ہے جو جہنم کے مستحق ہو چکے ہیں۔ (مشکوٰۃ: ص ۱۱۴۔۱۱۵، باب قیام شہر رمضان)

''امام ترمذی نے کہا کہ امام بخاری اس حدیث کو ضعیف قرار دیتے تھے،''

لیکن واضح رہے کہ فضائل اعمال میں ضعیف حدیث پر بالاتفاق عمل جائز ہے جو لوگ اس کا سہارا لے کر شب برات کے نیک اعمال سے روکتے ہیں وہ دین سے ناواقف اور مسلمانوں کے بدخواہ ہیں،

(۶) ''عن عائشة عن النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم قال هل تدرین ماهذه الليلةُ يعنى ليلة النصف من شعبان قالت مافيها يارسول اللّٰہ !فقال فيها أن يكتب كل مولود بنى آدم فى هذه السنة وفيها أن يكتب كل هالك من بنى آدم فى هذه السنة وفيها ترفع اعمالُهم وفيها تنزل أرزاقهم فقالت يارسول اللّٰہ مامن أحد يدخل الجنَّة اِلَّا برحمة اللّٰہ تعالیٰ فقال مامن أحد يدخل الجنَّة اِلَّا برحمة اللّٰہ تعالى ثلثاقلت ولا أنت يارسول اللّٰہ فوضع يده على هامته فقال ولاأنا اِلَّا أن يتغمَّدنى اللّٰہ منه برحمته يقولها ثلث مرات''۔رواه البيهقى فى الدعوات الكبير

(مشکوٰۃ المصابیح: ۱۱۵، باب قیام شہر رمضان)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے، وہ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پوچھا: اے عائشہ اس رات کی کیا اہمیت ہے تو جانتی ہے ؟ _____ (یعنی شب برات کے بارے میں دریافت فرمایا) حضرت عائشہ نے

عرض کیا اس کی کیا فضیلت ہے اے اللہ کے رسول؟ تو سرکار اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اس سال جو بچے پیدا ہونے والے ہوتے ہیں وہ اسی رات میں لکھ لیے جاتے ہیں اور اسی رات میں اس سال مرنے والے بھی لکھ لیے جاتے ہیں اور اسی میں لوگوں کے اعمال پیش ہوتے ہیں (یعنی خدا کی بارگاہ میں لکھ کر پیش ہوتے ہیں) اور اسی میں ان کی روزیاں اتاری جاتی ہیں۔

تو حضرت صدیقہ نے عرض کیا، یارسول اللہ کوئی نہیں جو جنت میں داخل ہو مگر اللہ کی رحمت سے؟ حضور نے فرمایا ہاں کوئی اللہ کی رحمت کے بغیر جنت میں نہیں جائے گا، یہ تین بار سرکار نے فرمایا، میں نے (عائشہ نے) عرض کیا اور آپ بھی نہیں یارسول اللہ؟ تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنا دست اقدس سر مبارک پر رکھا اور فرمایا میں بھی نہیں (یعنی میں بھی اللہ کی رحمت کا محتاج ہوں) مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے مجھے ڈھانپ لے۔ سرکار اس کو بھی تین مرتبہ فرماتے رہے۔

(مشکوٰۃ المصابیح: ۱۱۵)

(۷) ''عن أبى موسىٰ الأشعرى عن رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ تعالیٰ عليه وسلم قال اِنَّ اللّٰہ لَيَطَّلِعُ فى ليلة النصف من شعبان فَيَغْفِرُ لِجَمِيعِ خَلْقِهِ اِلَّا لِمُشْرِكٍ أَوْ مُشَاحِنٍ''۔(رواه ابن ماجه ورواه احمد عن عبداللّٰہ بن عمروبن العاص) وفى روايته اِلَّا اثنين مشاحن وقاتل نفس۔(مشکوٰۃ: ۱۱۵)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ سرکار نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ پندرہویں شعبان کی رات (شب برات) میں اپنی تجلی رحمت فرماتا ہے تو اپنی تمام مخلوق کو بخش دیتا ہے سوائے مشرک اور کینہ پرور کے، روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے۔

(۸) اور امام احمد نے اسے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا اور ان کی اس روایت میں ہے: ''سب کو بخش دیتا ہے مگر کینہ پرور

اور جان مارنے والا، یعنی ان کو نہیں بخشتا"۔ (ابن ماجہ:۹۹۔ مشکوٰۃ:۱۱۵)

مذکورہ بالا احادیث سے ماہ شعبان اور شب برات کی فضیلت بخوبی واضح ہے لہذا ہر مسلمان کو چاہیے کہ اس شب مبارک کی قدر کرے اور اپنے اوقات کو عبادات وتلاوت قرآن اور درود شریف میں گزارے، کسی کے ذمے قضا نمازیں ہوں تو ان کو کرے ورنہ نوافل میں مشغول ہو اور سب سے اہم یہ ہے کہ اپنے گناہوں سے سچی توبہ اور آئندہ گناہوں سے دور رہنے کا عہد کرے۔

شب برات کی فضیلت اور اس رات میں مانگی جانے والی دعاؤں کے سلسلے میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی ایک طویل حدیث ہے، ملاحظہ ہو:

(۹) "رُوِی عن عائشةَ رضی اللّٰہ عنہا قالَتْ دَخَلَ عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فَوَضَعَ عَنْہُ ثَوْبَیْہِ ثُمَّ لَمْ یَسْتَتِمَّ أن قَامَ فَلَبِسَھُمَا فَأَخَذَتْنِی غَیْرَۃٌ شَدِیْدَۃٌ ظَنَنْتُ أَنَّہٗ یَأْتِی بَعْضَ صُوَیْحِبَاتِی فَخَرَجْتُ أَتْبَعُہٗ فَأَدْرَکْتُہٗ بِالْبَقِیْعِ (بقیع الغرقد) یَسْتَغْفِرُ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالشُّھَدَاءِ فَقُلْتُ بِأَبِیْ وَأُمِّیْ، أَنْتَ فِیْ حَاجَۃِ رَبِّكَ وأَنَا فِیْ حَاجَۃِ الدُّنْیَا، فَانْصَرَفْتُ فَدَخَلْتُ حُجْرَتِیْ وَلِیَ نَفَسٌ عَالٍ وَلَحِقَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فقال: مَالَھٰذَا النَّفَسُ یَاعَائِشَۃُ؟ قُلْتُ بِأَبِیْ وَأُمِّیْ أَتَیْتَنِیْ فَوَضَعْتَ عَنْكَ ثَوْبَیْكَ ثُمَّ لَمْ تَسْتَتِمَّ اَنْ قُمْتَ فَلَبِسْتَھُمَافَأَخَذَتْنِیْ غَیْرَۃٌ شَدِیْدَۃٌ، ظَنَنْتُ أَنَّكَ تَأْتِیْ بَعْضَ صُوَیْحِبَاتِیْ، حَتّٰی رأَیْتُكَ بِالْبَقِیْعِ تَصْنَعُ مَا تَصْنَعُ، فَقَالَ یَا عَائِشَۃُ أَکُنْتِ تَخَافِیْنَ أَنْ یَحِیْفَ اللّٰہُ عَلَیْكِ وَرَسُوْلُہٗ، أَتَانِیْ جِبْرِیْلُ علیہ السلام فَقَالَ ھٰذِہِ لَیْلَۃُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَلِلّٰہِ فِیْھَا عُتَقَآءُ مِنَ النَّارِ بِعَدَدِ شُعُوْرِ غَنَمِ كَلْبٍ لَا یَنْظُرُ اللّٰہُ فِیْھَا الیٰ مُشْرِكٍ وَلَا الیٰ مُشَاحِنٍ وَلَا الیٰ قَاطِعِ رَحِمٍ وَلَا الیٰ مُسْبِلٍ ولَا الیٰ عَاقٍ لِوَالِدَیْہِ وَلَا الیٰ مُدْمِنِ خَمْرٍ قال، ثُمَّ وَضَعَ عَنْہُ ثَوْبَیْہِ فَقَالَ لِیْ: یاعائشة! اتَأْذَنِیْنَ لِیْ فِیْ قِیَامِ ھٰذِہِ اللَّیْلَۃِ؟ قُلْتُ بِأَبِیْ وَأُمِّیْ فَقَامَ فَسَجَدَ لَیْلًا طَوِیْلًا حَتّٰی ظَنَنْتُ أَنَّہٗ قَدْ قُبِضَ فَقُمْتُ أَلْتَمِسُہٗ وَوَضَعْتُ یَدِیْ

عَلٰی بَاطِنِ قَدَمَیْہِ فَتَحَرَّكَ فَفَرِحْتُ وَسَمِعْتُہٗ یَقُوْلُ فِیْ سُجُوْدِہٖ۔

"أَعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْ عِقَابِكَ وَأَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وأَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ جَلَّ وَجْھُكَ لَا أُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَیْكَ أَنْتَ كَمَا أَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِكَ"

فَلَمَّا أَصْبَحَ ذَکَرْتُھُنَّ لَہٗ، فَقَالَ: یَاعَائِشَۃُ تَعَلَّمِیْھِنَّ وَعَلِّمِیْھِنَّ فَإِنَّ جِبْرِیْلَ علیہ السلام عَلَّمَنِیْھِنَّ وَأَمَرَنِیْ أَنْ أُرَدِّدَھُنَّ فِی السُّجُوْدِ"

(الترغیب:۳/۴۵۲۔۴۵۳، التہاجر)

یہ حدیث اختصار اور کچھ فرق کے ساتھ ترغیب ج ۲/۵۲ میں بھی ہے۔ اب اس کا ترجمہ ملاحظہ ہو:

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے، پھر اپنے دونوں کپڑے اتار دیے ابھی کچھ دیر نہیں گزری کہ کھڑے ہو گئے اور ان کپڑوں کو زیب تن فرمایا تو مجھے بڑی غیرت آئی میں نے گمان کیا کہ شاید میری شریک صحبت بیویوں میں سے کسی کے پاس تشریف لے جا رہے ہیں، تو پیچھے پیچھے میں بھی نکل پڑی تو دیکھا سرکار اقدس ﷺ بقیع قبرستان میں مومنین ومومنات اور شہدا کے لیے دعاے مغفرت فرما رہے ہیں، میں نے کہا (دل میں) میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں آپ تو اپنے رب کے کام میں ہیں اور میں دنیا کے تصور میں ہوں، پھر میں واپس ہو کر اپنے حجرے میں داخل ہو گئی اور میرا حال یہ تھا کہ سانس تیز چل رہی تھی، پھر اسی وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی تشریف لے آئے اور فرمایا یہ سانس کیوں چل رہی ہے اے عائشہ! میں نے عرض کیا، میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، آپ تشریف لائے، اپنے کپڑے اتارے پھر فوراً ہی اٹھ کھڑے ہوئے اور پھر لباس پہن لیا، تو مجھے غیرت آئی اور میں نے خیال کیا کہ سرکار کسی اور زوجہ کے پاس تشریف لے جا رہے ہیں، تو میں نے آپ کو بقیع میں پایا دعا کرتے ہوئے جو آپ کر رہے تھے، تو فرمایا: اے عائشہ کیا تجھے اس کا اندیشہ ہوا کہ اللہ ورسول تیرے ساتھ ناانصافی کریں گے (سن) میرے پاس جبریل علیہ

السلام تشریف لائے تو فرمایا: یہ نصف شعبان کی رات (شب برات) ہے اللہ کی طرف سے اس رات بنی کلب کی بکریوں کے بالوں کے برابر لوگ جہنم سے آزاد ہوتے ہیں (لیکن) اللہ تعالیٰ اس رات مشرک کی طرف نظر رحمت نہیں فرماتا اور کینہ پرور اور رشتہ کاٹنے والے اور کپڑا (ٹخنے سے نیچا کر کے) لٹکانے والے اور والدین کے نافرمان اور شرابی کی طرف بھی نظر نہیں فرماتا ہے۔ یہ فرمایا اور پھر اپنے کپڑے اتار دیے پھر مجھ سے فرمایا: اے عائشہ! کیا تو اس مبارک رات میں مجھے اجازت دیتی ہے؟ میں نے عرض کیا میرے ماں باپ آپ پر قربان، پھر سرکار نے ایک طویل سجدہ فرمایا، یہاں تک کہ مجھے گمان ہوا کہ کہیں سرکار کی روح قبض تو نہیں ہوگئی، تو میں حضور کو چھو کر جائزہ لینے لگی اور میں نے اپنا ہاتھ حضور کے قدموں کے تلوؤں پر رکھ دیا تو حضور حرکت میں آگئے، تب جا کر مجھے خوشی ہوئی اور اسی وقت میں نے سنا کہ حضور سجدے میں یہ دعا کر رہے تھے:

"أَعُوْذُبِعَفْوِكَ مِنْ عِقَابِكَ وَأَعُوْذُبِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وأَعُوْذُبِكَ مِنْكَ جَلَّ وَجْهُكَ لَا أُحْصِيْ ثَنَاءً عَلَيْكَ أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ"

ترجمہ: میں تیری معافی کے ساتھ تیری سزا سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور تیری رضا کے ساتھ تیری ناراضگی سے پناہ مانگتا ہوں اور تیری پناہ چاہتا ہوں تیرے عذاب سے، تیری ذات بڑی عظمت والی ہے، میں تیری ویسی تعریف وثنا نہیں کر سکتا جیسی تو نے خود اپنی ثنا کی ہے۔

پھر جب صبح ہوئی تو میں نے ان کلمات کا حضور سے ذکر کیا تو فرمایا، اے عائشہ! ان کو سیکھ لیا یعنی یاد کر لیا؟ میں نے عرض کیا ہاں یا رسول اللہ! پھر فرمایا: ان کو سیکھ لو اور ان کو (دوسروں کو) سکھاؤ۔ اس لیے کہ جبریل علیہ السلام نے مجھے یہ کلمات بتائے ہیں اور مجھے اشارہ دیا ہے کہ میں سجدے میں ان کو دہراؤں۔ (بیہقی)

(۱۰) عن مكحول عن كثير بن مرة عَنْ رسول الله ا" قال فِيْ لَيْلَةِ

النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ يَغْفِرُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ لأَهْلِ الأَرْضِ اِلَّا لِمُشْرِكٍ أَوْمُشَاحِنٍ"۔ (الترغیب:۳/۴۵۴)

حضرت مکحول، کثیر بن مُرہ سے روایت کرتے ہیں وہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ سرکار نے فرمایا، شعبان کی پندرہویں شب میں اللہ تعالیٰ زمین والوں کو معاف فرما دیتا ہے مگر مشرک اور کینہ پرور کو نہیں معاف فرماتا۔

(الترغیب للمنذری:۳/۴۵۴)

امام بیہقی نے اس کو روایت کر کے فرمایا کہ یہ مُرسل اور جَیِّد ہے، یعنی مرسل ہونے کے باوجود قابل اعتماد ہے۔

(۱۱) "عن مكحول عن ابِیْ ثَعْلَبَة أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم قال: يَطَّلِعُ اللّٰهُ اِلٰى عِبَادِهٖ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَيَغْفِرُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَيُمْهِلُ الْكَافِرِيْنَ وَيَدَعُ أَهْلَ الحِقْدِ بِحِقْدِهِمْ حَتّٰى يَدَعُوْهُ"۔

(الترغیب:۳/۴۵۴)

حضرت مکحول، ابوثعلبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ شب برات میں اپنے بندوں کی طرف توجہ فرماتا ہے تو ایمان والوں کو بخش دیتا ہے اور کافروں کو چھوڑ دیتا ہے اور کینہ والوں کو بھی ان کے کینے کے ساتھ رہنے دیتا ہے یہاں تک کہ وہ کینہ پروری چھوڑ دیں۔

امام بیہقی اس کی سند کو جید فرماتے ہیں۔

(۱۲) "وأخرج الدينورى فى المجالسة عن راشد بن سعد ان النبى صلى الله تعالى عليه وسلم قال :فى ليلة النصف من شعبان يوحى اللّٰه اِلى ملك الموت بقبض كل نفس يريد قبضها فى تلك السنة"

(الدرالمنثور:۷/۴۰۱)

دینوری نے مجالسہ میں حدیث نقل کی ہے، راشد بن سعد سے کہ نبی اکرم صلی

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: شعبان کی پندرہویں رات میں اللہ تعالیٰ ملک الموت کو اس سال کی تمام ان روحوں کو قبض کرنے کے لیے حکم فرماتا ہے جن کا وہ ارادہ کرتا ہے۔

(۱۳) "وأخرج ابن ابی الدنیا عن عطاء بن یسار قال: اذا کان لیلة النصف من شعبان دفع الی ملك الموت صحیفة فیقال إقبض من فی هذه الصحیفة فان العبد لیفرش الفراش وینکح الازواج ویبنی البنیان وان اسمه قد نسخ فی الموتی"۔ (الدرالمنثور: ۷/سورۂ دخان)

عطاء بن یسار سے روایت ہے کہا کہ جب شعبان کی پندرہویں شب آتی ہے تو ملک الموت کو ایک صحیفہ دے دیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ اس میں جن لوگوں کا نام ہے ان کی روح قبض کر لینا تو بندہ فرش بچھاتا اور بیویوں سے نکاح کرتا اور گھر بنواتا رہتا ہے حالاں کہ اس کا نام مُردوں میں لکھ دیا گیا ہوتا ہے۔

(۱۴) "اخرج ابویعلیٰ عن عائشة ان النبی صلی الله علیه وسلم کانَ یصومُ شعبان کلّهٗ فَسَألْتُهٗ؟قَالَ اِنَّ اللّٰه یَکْتُبَ فِیْهِ کل نَفْسٍ مَیِّتَةٍ تلك السَّنَةَ فَاُحِبُّ اَنْ یَّاتِیَنِی اَجَلی وَاَنَاصَائِمٌ"۔

ابویعلی نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پورے شعبان روزے رکھتے (یعنی کثرت سے) تو میں نے اس کے بارے میں آپ سے پوچھا، آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس میں اس سال مرنے والی جانوں کو لکھ لیتا ہے تو مجھے یہ پسند ہے کہ میری موت آئے (یا میری موت لکھی جائے) تو میں روزہ دار رہوں۔

(تفسیر درمنثور: ۷/۴۰۱، دارالفکر بیروت، ۱۴۱۴ھ/۱۹۹۳ء)

(۱۵) "أخرج ابنُ ابی شیبة عن عطاء بن یسار قال لم یکن رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فی شهر اکثر صیاماً منه فی شعبان وذٰلك أنَّهٗ ینسخ فیه آجال من ینسخ فی السنة"۔ (الدرالمنثور: ۷/۴۰۱)

ابن ابی شیبہ نے عطا بن یسار رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کی، فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شعبان میں سب سے زیادہ روزے رکھتے اور یہ اس وجہ سے کہ اس سال مرنے والوں کی مدتِ موت لکھ لی جاتی ہے۔

(۱۶) "وأخرج ابن مردویه وابن عساکر عن عائشة قالت لم یکن رسول الله صلی الله علیه وسلم فی شهر اکثر صیاماً منه فی شعبان لأنه ینسخ فیه ارواح الأحیاء فی الأموات حتی ان الرجل یتزوج وقد رفع اسمه فیمن یموت وان الرجل لیحج وقدرفعه اسمه فیمن یموت"۔

(الدرالمنثور: ۷/۴۰۱)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شعبان سے زیادہ کسی مہینے میں روزہ نہیں رکھتے تھے اس لیے کہ اس میں زندوں کی ارواح کو مردوں میں لکھا جاتا ہے یہاں تک کہ آدمی شادی کرتا ہے حالاں کہ اس کا نام مرنے والوں میں لکھ چکا ہوتا ہے اور آدمی حج کرتا ہے حالاں کہ اس کا نام مرنے والوں میں لکھ دیا گیا ہوتا ہے۔

آیت دخان: "فِیْمَا یُفْرَقُ کُلُّ أَمْرٍ حَکِیْمٍ" (اس میں بانٹ دیا جاتا ہے ہر حکمت والا کام) یعنی سال بھر کے احکام، موتیں اور دیگر کام طے کر کے فرشتوں کے حوالے کر دیے جاتے ہیں، اس کی تفسیر میں بھی دو قول ہیں ایک یہ کہ اس سے مراد لیلۃ القدر ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد شب برات ہے اور متعدد روایات حدیث سے یہ بات ثابت بھی ہے کہ شعبان یا شب برات میں احکام بانٹ دیے جاتے ہیں، یہ قول خاص طور سے حضرت عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہے اور متعدد روایات سے اس کی تائید بھی ہوتی ہے چنانچہ

(۱۷) دیلمی کی روایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے کہ

"إن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: تقطع الآجال من شعبان الی شعبان حتی أن الرجل لینکح ویولدله وقد خرج اسمه فی الموتی"۔ (الدرالمنثور: ۷/۴۰۱)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: موت کے پروانے ایک شعبان سے دوسرے شعبان تک کے بانٹ دیے جاتے ہیں یہاں تک کہ آدمی نکاح کرتا ہے اس کے بچے ہوتے ہیں حالاں کہ اس کا نام مرنے والوں میں نکل چکا ہوتا ہے۔

اس سلسلے میں کچھ روایات پہلے بھی گزر چکی ہیں۔

(۱۸) "وأخرج الخطيب فی رواة مالك عن عائشة: سمعت النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم يقول: يفتح الله الخير فی اربع ليال ليلة الاضحیٰ والفطر، وليلة النصف من شعبان، ينسخ فيها الآجال والأرزاق ويكتب فيها الحاج وفی ليلة عرفة إلى الأذان"۔

(الدر المنثور: ۷/۴۰۱)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی، وہ کہتی ہیں کہ میں نے رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ: اللہ تعالیٰ چار راتوں میں خیر وبرکت کے دروازے کھولتا ہے عیدالاضحیٰ اور عیدالفطر کی دو راتیں اور پندرہویں شعبان کی شب، جس میں موت کے پروانے اور رزق طے کیے جاتے ہیں اور حاجیوں کو لکھا جاتا ہے اور عرفہ کی رات اذان (فجر) تک۔

(۱۹) "أخرج البيهقی عن القاسم بن محمد بن ابی بكر عن ابيه أو عن عمه أو جده ابی بكر الصديق عن النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم قال: ينزل الله إلى السماء الدنيا ليلة النصف من شعبان فيغفر لكل شئ إلا لرجل مشرك أو من فی قلبه شحناء"۔ (الدر المنثور: ۷/۴۰۳)

امام بیہقی نے قاسم بن محمد بن ابی بکر سے روایت کیا وہ اپنے باپ یا چچا یا دادا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں اور وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کہ سرکار نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نصف شعبان کی شب (یعنی شب برات) میں آسمان دنیا کی طرف نزول اجلال فرماتا ہے تو ہر ایک کو بخش دیتا ہے سوائے مشرک اور اس شخص کے جس کے دل میں کینہ ہو۔

(۲۰) حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب نصف شعبان کی رات آتی ہے تو ایک منادی ندا دیتا ہے کہ کوئی بخشش طلب کرنے والا ہے تو اسے بخش دوں، کوئی سائل ہے تو میں اسے دوں، تو جو شخص بھی سوال کرتا ہے اللہ عزوجل اسے عطا فرماتا ہے، سوائے فاحشہ عورت یا مشرک کے۔ (شعب الایمان: ۲/۲۱، کنز العمال حدیث ۳۵۱۷۸)

فضائل شب برات قرآن میں

سورہ دخان شریف میں ہے:

"حٰمٓ ○ والكتٰبِ الْمُبِيْنِ ○ اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ ○ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ"۔

قسم اس روشن کتاب کی بیشک ہم نے اسے برکت والی رات میں اتارا، بیشک ہم ڈر سنانے والے ہیں، اس میں بانٹ دیا جاتا ہے ہر حکمت والا کام۔

اس کے تحت تفسیر مدارک میں ہے:

أیْ لَيْلَةِ القدر أو لَيلة النصف من شعبان والجمهور على الأول، لقوله انَّا اَنْزَلْنَاهُ فِیْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ"۔ (مدارک مطبوعہ ممبئی ۴/۱۲۶)

یعنی اس میں آیت لیلۃ مبارکۃ سے شب قدر مراد ہے یا شب برات جمہور اول کے قائل ہیں، کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ہم نے اس کو لیلۃ القدر میں نازل کیا۔

تفسیر جلالین میں ہے:

"اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ هِیَ لَيْلَةُ الْقَدْرِ أَوْلَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ"

یہ لیلۃ القدر ہے یا شب نصف شعبان (یعنی شب برات)

"أولیلة النصف من شعبان" کے تحت تفسیر صاوی حاشیہ جلالین میں ہے: "ھو قول عکرمة وطائفة"۔ یعنی یہ حضرت عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ایک جماعت کا قول ہے۔

لہذا لیلۂ مبارکہ کی تفسیر شب برات سے جب ایک صحابی اور دیگر حضرات سے مروی ہے تو اس کو بالکل غلط اور باطل تو نہیں کہا جاسکتا: قرآن پاک میں بہت سی ایسی آیتیں ہیں کہ ان کی دو یا دو سے زیادہ تفسیریں کی گئی ہیں، تو ان میں کسی کو باطل قرار دینا درست نہیں۔ لہذا یہ ثابت ہوا کہ شب برات کی فضیلت قرآن پاک سے بھی ثابت ہے۔

شب برات میں آئندہ کے فیصلے

"عن ابن عباس ان اللہ یقضی الأقضیة فی لیلة النصف من شعبان ویسلمھا الی اربابھافی لیلة القدر"۔ (تفسیر مظہری ۸/۳۶۸، تفسیر معالم التنزیل ۴/۱۷۴۔ دار احیاء التراث العربی بیروت)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی، وہ کہتے ہیں بے شک اللہ تعالیٰ شب برات میں فیصلے فرماتا ہے اور انہیں متعلقہ اصحاب (یعنی فرشتوں) کے سپرد شب قدر میں فرماتا ہے۔

اور یہی تاویل "انا انزلناہ فی لیلة مبارکة (ہم نے اس کو لیلۂ مبارکہ میں نازل کیا) کے بارے میں بھی کی گئی ہے کہ شب برات سے اس کا نزول شروع ہوا اور شب قدر میں تمام ہوا، یعنی لوح محفوظ سے دفتر ملائکہ میں اس طرح دونوں روایات میں تطبیق ہو جاتی ہے۔

حضرت علامہ احمد صاوی، حاشیہ جلالین میں فرماتے ہیں:

"ایک قول یہ ہے کہ لوح محفوظ سے لکھنے کی ابتدا شب برات میں ہوتی ہے اور شب قدر میں سب کچھ لکھ کر فرشتوں کے حوالے کر دیا جاتا ہے، چنانچہ

رزق کا نوشتہ حضرت میکائیل علیہ السلام کے سپرد کر دیا جاتا ہے، اور جنگوں کا نوشتہ حضرت جبریل علیہ السلام کو دے دیا جاتا ہے، یوں ہی زلزلے بجلیاں اور دھنسانے کے احکام اور رزق کا نوشتہ اسماعیل علیہ السلام کے حوالہ کر دیا جاتا ہے جو آسمان دنیا کے مالک ہیں اور آپ ایک زبردست فرشتہ ہیں اور مصائب کا نوشتہ ملک الموت علیہ السلام کو دے دیا جاتا ہے۔

آیت "اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِی لَیْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ" کی تفسیر میں علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمہ نے دو قول نقل کیے ایک تو یہ کہ اس سے شب قدر مراد ہے، دوسرا قول یہ بتایا کہ اس سے شب برات مراد ہے، تو اس پر علامہ صاوی نے حاشیہ لکھا اور فرمایا:

شب برات کا قول حضرت عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اور ایک جماعت کا ہے، اور اس کی توجیہ میں چند امور بیان کیے ان میں ایک یہ بھی ہے کہ، اس شب یعنی شب برات کے چار نام ہیں: لیلة مبارکة، لیلة البراءة، لیلة الرحمة، لیلة الصَّك"۔

(لہذا جب شب برات کا ایک نام لیلة مبارکة ہے تو اس کو مراد لینے میں کوئی حرج نہیں)۔

مزید فرماتے ہیں:

اس میں عبادت کی فضیلت بھی وارد ہے، جیسا کہ نقل فرمایا گیا ہے کہ:

"جس نے اس رات (شب برات) میں سو رکعت نماز پڑھی اللہ تعالیٰ اس کے پاس سو فرشتے بھیجتا ہے، تیس تو وہ جو اس کو جنت کی بشارت دیتے ہیں اور تیس اس کو جہنم کی آگ سے بچانے پر مامور ہو جاتے ہیں، اور تیس اسے دنیا کی آفات سے بچاتے ہیں، اور دس اسے شیطان کے مکر سے محفوظ رکھتے ہیں۔

اس رات کے فضائل میں یہ بھی ہے کہ:

اس میں اللہ تعالیٰ امت محمدیہ پر بنی کلب کی بکریوں کے بال کے برابر رحم

فرماتا ہے، اوراس رات میں مسلمانوں کو بخش دیتا ہے سوائے کاہن، جادوگر، شرابی، والدین کے نافرمان اورزنا (بدکاری) کے عادی کے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ نے اس مبارک شب میں سرکار دوعالم شافعِ امم صلی اللہ علیہ وسلم کو مکمل شفاعت عطا فرمائی، وہ اس طرح کہ سب سے پہلے سرکار نے تیرہویں شب میں شفاعت کا سوال کیا تو ایک ثُلُث (تہائی) عطا ہوئی، پھر چودھویں شب میں سوال فرمایا تو اللہ نے دوثلث (دوتہائی) عطا فرمائی، پھر پندرہویں شب میں درخواست کی تو اللہ تعالیٰ نے مکمل شفاعت عطا فرمادی سوائے اس کے جو اللہ تعالیٰ سے ایسا بھاگے جیسے کہ بدک کر اونٹ بھاگتا ہے، اس کو شفاعت سے حصہ نہیں ملے گا۔

(حاشیہ صاوی بر تفسیر جلالین جلد۴، ص ۵۷، مطبوعہ: غلام رسول سورتی ممبئی)

پندرہویں شعبان کا روزہ

ابن ماجہ کی حدیث گزر چکی کہ جب شعبان کی پندرہویں شب آئے تو اس میں قیام کرو اور دن میں روزہ رکھو، مندرجہ ذیل حدیث مسلم سے بھی پندرہویں شعبان کے روزے کی فضیلت ظاہر ہے، ملاحظہ کریں:

"عن عمران بن حُصين رضى الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قالَ لهٗ أولاٰخر أصُمتَ من سَرَرِ شعبان قال لا قال: اذاأفطَرتَ فَصُم يَوْمَيْنِ مكانه"۔ (مسلم شریف: ۱/۳۶۸ کتاب الصیام باب صوم سرر شعبان)

عمران بن حُصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے یا کسی اور سے فرمایا: تم نے شعبان کے وسط میں روزہ رکھا ہے؟ انہوں نے کہا نہیں، آپ نے فرمایا: عید کے بعد تم دو روزے رکھ لینا۔

اس حدیث سے بھی شعبان بلکہ شب برات کے روزے کی فضیلت معلوم ہوتی ہے کہ اس کے ایک روزے کے بدلے بعد رمضان دو روزے کا حکم دیا_____

اور وسط شعبان سے پندرہویں شعبان ہی مراد ہے تو اس سے شب برات کے بعد والے دن کا روزہ بھی ثابت ہوا۔

بعض لوگوں نے اس حدیث سے آخر شعبان کا روزہ مراد لیا ہے، لیکن یہ معنی اس لیے درست نہیں معلوم ہوتا کہ آخر شعبان میں روزے کی ممانعت پر حدیث موجود ہے تو اس کے بدلے روزے کا حکم کیسے دیا جائے گا، اس لیے وسطِ شعبان ہی کا معنیٰ زیادہ درست معلوم ہوتا ہے اور اگر آخرِ شعبان ہی کا معنیٰ لیا جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ جس کو ہر ماہ کے آخر میں روزے کی عادت تھی اس نے شعبان کے آخر میں روزہ نہ رکھا تو اب رمضان کے بعد دو روزے رکھ لے۔

راوی کو اس میں شک ہے کہ حضور نے ایک روزہ رکھنے کو کہا یا دو، لیکن حضرت عمران بن حصین کہتے ہیں کہ میرا گمان ہے کہ حضور نے دو روزے کا حکم دیا۔

یہ حکم استحبابی ہے یعنی مستحب ہے کہ وسط شعبان کے روزے کے بدلے بعد رمضان دو روزے رکھ لے، اگر نہ رکھا تو گنہ گار نہیں ہوگا، ہاں اگر کسی نے وسط شعبان یا ہر مہینے کی آخری تاریخ میں روزے کی منت مانی تھی اور وہ نہ رکھ سکا تو بعد رمضان اس کی قضا واجب ہوگی، دو کی منت تھی تو دو اور ایک کی تھی تو ایک۔

شب برات میں روحوں کا آنا

فتاویٰ امام نسفی کے حوالہ سے فتاویٰ رضویہ میں ہے کہ مسلمانوں کی روحیں ہر جمعہ کو رات اور دن میں اپنے گھروں کو آتی ہیں اور دروازے کے پاس کھڑی ہو کر دردناک آواز سے پکارتی ہیں کہ اے میرے گھر والو! اے میرے بچو! اے میرے عزیزو! ہم پر صدقہ سے مہر (مہربانی) کرو، ہمیں یاد کرو، بھول نہ جاؤ، ہماری غریبی میں ہم پر ترس کھاؤ۔

نیز خزانۃ الروایات میں ہے:

"عَنِ ابنِ عبَّاسٍ رضى الله تعالىٰ عنهما اِذا كان يَوْمُ عِيدٍ أوْ يَوْمُ

جُمُعَةٍ أَوْ عَاشُوْرَاء اَوْلَيْلَةُ النصْفِ مِنْ شَعْبَان تَأتِیْ أَرْوَاحُ الأَمْوَاتِ وَيَقُوْمُوْنَ عَلٰى أَبْوَابِ بُيُوْتِهِمْ فَيَقُوْلُوْنَ هَلْ مِنْ أَحَدٍ يَذْكُرُنَاهَلْ مِنْ أَحَدٍ يُذَكِّرُ غُرْبَتَنَا"۔

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے جب عید یا جمعہ یا عاشورے کا دن یا شب برات ہوتی ہے، اموات کی روحیں آ کر اپنے گھروں کے دروازوں پر کھڑی ہوتی اور کہتی ہیں _____ ہے کوئی کہ ہمیں یاد کرے۔ ہے کوئی کہ ہم پر ترس کھائے۔ ہے کوئی جو ہماری غربت کو یاد دلائے۔

اسی طرح ''کنز العباد'' میں بھی ''کتاب الروضۃ'' امام زندویستی سے منقول۔

(فتاویٰ رضویہ جلد چہارم ص ۲۳۳ سنی دار الاشاعت مبارک پور)

نیز شیخ الاسلام کی ''کشف الغطاء'' کے حوالے سے نقل فرماتے ہیں، مومنین کی روحیں اپنے گھروں کو آتی ہیں اور ہر جمعہ کی رات اور عید کے دن اور عاشورا کے دن اور شب برات میں اور اپنے گھروں کے پاس کھڑی غم گین ہو کر آواز دیتی ہیں کہ اے میرے گھر والو! اے فرزندو! اے رشتہ دارو! ہمارے اوپر صدقہ کر کے مہربانی کرو۔

(ترجمہ وخلاصہ از فتاوی رضویہ ۴/۲۳۱)

لہذا ان مبارک راتوں دنوں اور خاص کر شب برات میں اپنے مرحومین کی طرف سے صدقہ وایصال ثواب اور فاتحہ بالکل درست وجائز ہے اور مسلمانوں میں شب برات کے موقع پر صدقہ وخیرات اور فاتحہ کا جو رواج ہے وہ محض رواج نہیں بلکہ دلائل سے اس کا ثبوت بھی ہے۔ اسے بدعت کہنا سراسر غلط ہے،

شعبان کے نام

نام کی کثرت بھی فضیلت پر دلالت کرتی ہے ہم دیکھتے ہیں کہ شعبان وشب

برات کے نام کثیر ہیں جو ان کے علوِ مرتبت پر دلالت کرتے ہیں، ذیل میں شعبان وشب برات کے نام اختصار کے ساتھ لکھے جاتے ہیں۔

- شہر القرآن: اس ماہ مبارک کا نام شہر القرآن بھی ہے، وہ اس لیے کہ حفاظ کرام اسی مہینے سے قرآن پاک پڑھنا شروع کر دیتے ہیں۔
- شہر القراء: قراء کا مہینہ اس کا سبب بھی وہی ہے جو مذکور ہوا۔
- شہر النبی: شہر النبی اس لیے کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کو اپنا مہینہ فرمایا۔
- ''شہر الصلاۃ علی النبی: چونکہ آیت درود ''ان اللہ وملائکتہ'' اسی ماہ شعبان میں نازل ہوئی اس لیے اس کو شہر الصلاۃ علی النبی بھی کہتے ہیں۔

شب برات کے نام

☆ لیلة النصف من شعبان ☆ لیلة مبارکة ☆ لیلة البراءة ☆ لیلة القسمة ☆ لیلة التکفیر ☆ لیلة الإجابة ☆ لیلة الشفاعة ☆ لیلة عید الملائکة ☆ لیلة الصَّك ☆ لیلة الجائزة ☆ لیلة الغفران ☆ لیلة المغفرة ☆ لیلة العتق من النیران

شب برات اور اقوال سلف

- امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ پانچ راتوں میں دعائیں قبول ہوتی ہیں، جمعہ کی رات، عیدین کی رات، اول رجب کی رات اور نصف شعبان کی رات یعنی شب برات میں۔

(ماذا فی شعبان للسید محمد بن علوی المالکی ص ۸۷۔ الطبعۃ الاولیٰ ۱۴۲۴ھ)

- سعید بن منصور محدث نے بیان کیا کہ عطا بن یسار نے فرمایا: شب قدر کے بعد شب برات سے بڑھ کر کوئی رات نہیں، اللہ تعالیٰ اس رات آسمان دنیا پر نزول اجلال فرماتا ہے اور اپنے تمام بندوں کو بخش دیتا ہے، مشرک، کینہ پرور، اور رشتہ کاٹنے والے کے سوا۔ (ماذا فی شعبان ص: ۸۸)

شب برات کی دعائیں

بیہقی نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا، وہ کہتی ہیں کہ ایک بار شعبان کی پندرہویں رات یعنی شب برات میں جب کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی باری میرے یہاں تھی میں نے آدھی رات کے وقت سرکار کو نہیں پایا تو مجھے بھی وہی غیرت کا احساس ہوا جو ایسے وقت عورتوں کو ہو جاتا ہے تو میں نے اپنی چادر لپیٹی اور حضور کو تلاش کرنے دیگر ازواج مطہرات کے حجروں تک پہنچ گئی تو سرکار کو کہیں نہیں پایا، پھر میں اپنے حجرے میں لوٹ آئی، تو کیا دیکھتی ہوں کہ حضور پڑے ہوئے کپڑوں کی طرح سجدہ ریز ہیں اور سجدے میں یہ پڑھ رہے ہیں:

"سَجَدَ لَكَ خَيَالِيْ وَسَوَادِيْ وَآمَنَ بِكَ فُؤَادِيْ فَهٰذِهٖ يَدِيْ وَمَا جَنَيْتُ بِهَا عَلٰى نَفْسِيْ يَاعَظِيْمُ يُرْجٰى لِكُلِّ عَظِيْمٍ يَاعَظِيْمُ اغْفِرِ الذَّنْبَ الْعَظِيْمَ سَجَدَ وَجْهِيْ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ"

ترجمہ: تیرے لیے میرے خیال اور میرے سراپا وجود نے سجدہ کیا، اور تجھ پر میرا دل ایمان لایا تو یہ میرا ہاتھ تیرے حوالے ہے اور جو کچھ گناہ اس کے ذریعہ میں نے کیا وہ بھی تیرے سپرد ہے، اے عظمت والے! جس سے ہر بڑی مشکل میں امید لگائی جاتی ہے اے عظمت والے، بڑے گناہ معاف فرما۔ میرے چہرے نے سجدہ کیا اس کو جس نے اسے پیدا کیا اور اس کے لیے کان آنکھ بنائے۔ پھر سر اٹھایا اور پھر سجدہ کیا تو اس میں یوں دعا کی۔

"أَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَأَعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْ عِقَابِكَ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ، لَا أُحْصِيْ ثَنَاءً عَلَيْكَ أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ، (أَقُوْلُ كَمَا قَالَ أَخِيْ دَاوٗدُ)"۔

"أَعْفِرُ وَجْهِيْ فِي التُّرَابِ لِسَيِّدِيْ وَحَقَّ لَهٗ أَنْ يُسْجَدَ"

میں تیری رضا کے ذریعہ تیری ناراضی سے پناہ اور تیرے عفو و درگزر کے ساتھ تیری سزا سے اور تیرے عذاب سے تیری پناہ مانگتا ہوں، میں تیری ویسی تعریف نہیں کر سکتا جیسی تو نے خود اپنی تعریف کی (اور میرے بھائی داؤد نے جو کہا میں بھی وہی کہتا ہوں) میں اپنا چہرہ خاک آلود کرتا ہوں اپنے آقا کے لیے اور سجدہ اسی کے لیے حق ہے۔

پھر اپنا سر مبارک اٹھایا اور کہا:

"اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ قَلْبًا تَقِيًّا، مِنَ الشَّرِّ نَقِيًّا، لَا جَافِيًا وَّلَا شَقِيًّا"

اے اللہ مجھے پرہیزگار دل عطا فرما، برائی سے پاک، نہ ظالم نہ بدبخت۔

پھر حضور پلٹے اور میری چادر میں آکر داخل ہو گئے اس حال میں کہ میری سانس چل رہی تھی، تو فرمایا، اے حمیرا! یہ سانس کیسی چل رہی ہے؟ میں نے سرکار سے ماجرا کہہ دیا تو سرکار اپنے دست مبارک سے میرے گھٹنے سہلانے لگے اور یہ فرمانے لگے، ہائے ان دو گھٹنوں نے اس رات کتنی مصیبت اٹھائی ہے یہ شعبان کی پندرہویں رات ہے اس میں اللہ تعالیٰ آسمان دنیا تک نزول رحمت فرماتا ہے تو اپنے بندوں میں مشرک اور کینہ پرور (یا بدمذہب) کے علاوہ سب کو بخش دیتا ہے۔

(الدر المنثور: ۷/۴۴)

خاص شب برات میں پڑھنے کی کوئی دعا مروی نہیں، اور نہ ہی صحیح حدیثوں میں کوئی خاص اور معین نماز کا ذکر ملتا ہے، بعض معمولات اور دعائیں جو کتابوں میں ملتی ہیں وہ زیادہ تر معمولات مشائخ سے ہیں یا احادیث ضعاف سے انہیں مطلق نفل نماز کی نیت سے اور دعا کی غرض سے اختیار کیا جا سکتا ہے، جن پر ثواب کی پوری امید ہے:

ہاں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث میں سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جو دعا سجدے میں مروی ہے اس کو پڑھا جا سکتا ہے۔ سوائے "اَقُوْلُ كَمَا قَالَ اَخِيْ دَاوٗدُ۔" کے۔

یوں ہی مشائخ نے دعائے شب قدر کو بھی پڑھنے کا اشارہ دیا ہے کہ شب قدر کے بعد سب سے افضل رات شب برات ہے تو اس میں بھی اس کو پڑھا جاسکتا ہے، وہ یہ ہے:

(۱) "اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ"۔

ترجمہ: اے اللہ بے شک تو معاف فرمانے والا ہے تجھے معافی پسند ہے تو اے کریم! ہمیں معاف فرمادے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی ایک حدیث سے جو گزر چکی یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ جب سرکار اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بقیع شریف گئے تو مومنین مومنات اور شہدا کے لیے دعائے مغفرت فرمارہے تھے، الفاظ دعا حضرت عائشہ نے ذکر نہیں کیے، لہذا وہ دعائیں جن میں مومنین ومومنات کے لیے مغفرت طلب کی گئی ہو ان کا بھی اس رات پڑھنا بہتر ہے۔ مثلاً

(۲) "اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ"۔

اے اللہ مجھے بخش دے اور میرے والدین کو اور تمام مومن مردوں اور عورتوں کو۔

اور قرآن پاک کی یہ دعا بھی اسی معنیٰ میں ہے:

(۳) "رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ وَلَاتَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ آمَنُوْا رَبَّنَا اِنَّکَ رَؤُفٌ رَّحِیْمٌ"۔ (الحشر:۵۹/۱۰)

ترجمہ: اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے، اور ہمارے بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لائے، اور ہمارے دل میں ایمان والوں کی طرف سے کینہ نہ رکھ، اے رب ہمارے! بے شک تو ہی نہایت مہربان رحم والا ہے۔ (کنزالایمان)

اور ایک جامع دعا یہ بھی ہے۔

(۴) "رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ"۔

(ابراہیم:۱۴/۴۱)

اے ہمارے رب! مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو (جو مسلمان ہوں) اور سب مسلمانوں کو جس دن حساب قائم ہوگا۔ (کنزالایمان)

مومن مردوں اور عورتوں کے لیے مغفرت کی دعا کرنا بڑی فضیلت رکھتا ہے حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو مومنین ومومنات کے لیے مغفرت طلب کرتا ہے اس کو اللہ تعالیٰ تمام مومنین ومومنات کے برابر نیکیاں لکھ دیتا ہے۔ (حصن حصین)

(۵) حضور نے شب برات میں سجدے کی حالت میں جو دعائیں مانگیں وہ یہ ہیں: ان کو سجدے میں یا سجدے کے علاوہ حالت میں بھی پڑھ سکتے ہیں۔

"أَعُوْذُ بِعَفْوِکَ مِنْ عِقَابِکَ وَأَعُوْذُ بِرِضَاکَ مِنْ سَخَطِکَ وَأَعُوْذُبِکَ مِنْکَ جَلَّ وَجْھُکَ لَا أُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَیْکَ أَنْتَ کَمَا أَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِکَ۔

(۶) "اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ قَلْبًا تَقِیًّا، مِنَ الشَّرِّ نَقِیًّا، لَاجَافِیًا وَّلَا شَقِیًّا"

(۷) اور خاص سجدے کی دعا یہ ہے:

"سَجَدَ لَکَ خَیَالِیْ وَسَوَادِیْ وَآمَنَ بِکَ فُؤَادِیْ فَھٰذِہٖ یَدِیْ وَمَاجَنَیْتُ بِھَا عَلٰی نَفْسِیْ یَاعَظِیْمُ یُرْجٰی لِکُلِّ عَظِیْمٍ یَاعَظِیْمُ اغْفِرِ الذَّنْبَ الْعَظِیْمَ سَجَدَ وَجْھِیْ لِلَّذِیْ خَلَقَہٗ وَشَقَّ سَمْعَہٗ وَبَصَرَہٗ"

اس کو یاد کرلے اور خاص سجدے میں پڑھے، باقی دعائیں اگر یاد نہ ہوں تو سجدے کے علاوہ بھی شب برات میں پڑھ سکتے ہیں۔

آخر کی تین دعاؤں کا ترجمہ احادیث کے ضمن میں گزر چکا وہاں دیکھ لیں۔

دعائے نصف شعبان المعظم

شب برات کی ایک مشہور دعا لکھی جاتی ہے جو معمولات مشائخ سے ہے۔

"اَللّٰھُمَّ یَاذَاالْمَنِّ وَلَا یُمَنُّ عَلَیْہِ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَیَاذَا الطَّوْلِ وَالْاِنْعَامِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا أَنْتَ ظَھْرَ اللَّاجِیْنَ وَجَارَ الْمُسْتَجِیْرِیْنَ وَاَمَانَ الْخَائِفِیْنَ، اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ کَتَبْتَنِیْ عِنْدَکَ شَقِیًّا أَوْمَحْرُوْمًا أَوْ مَطْرُوْدًا أَوْ مُقْتَرًا

عَلَیَّ فِی الرِّزْقِ فَامْحُ اَللّٰھُمَّ بِفَضْلِكَ شَقَاوَتِیْ وَحِرْمَانِیْ وَطَرْدِیْ وَاقْتَارَ رِزْقِیْ وَاَثْبِتْنِیْ عِنْدَكَ فِیْ اُمِّ الْكِتَابِ سَعِیْدًا مَّرْزُوْقًا مُّوَفَّقًا لِلْخَیْرَاتِ مُعَافًا مَّغْفُوْرًا مَّرْحُوْمًا اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ فَاِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ فِیْ كِتَابِكَ الْمُنَزَّلِ عَلٰی لِسَانِ نَبِیِّكَ الْمُرْسَلِ صَلَّی اللّٰهُ تعالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَمْحُواللّٰهُ مَایَشَاءُ وَیُثْبِتُ وَعِنْدَهٗ اُمُّ الْكِتَابِ اِلٰهِیْ بِالتَّجَلِّی الْاَعْظَمِ فِیْ لَیْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَهْرِ شَعْبَانَ الْمُكَرَّمِ الَّتِیْ یُفْرَقُ فِیْهَا كُلُّ اَمْرٍ حَكِیْمٍ وَیُبْرَمُ اَسْئَلُكَ اَنْ تَكْشِفَ عَنَّا مِنَ الْبَلَاءِ وَالْبَلْوَاءِ مَانَعْلَمُ وَمَالَا نَعْلَمُ وَمَااَنْتَ بِهٖ اَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَاَوْلِیَاءِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ وَكَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَهٗ اَفْضَلَ الصَّلٰوةِ وَالسَّلَامِ مِنَّا وَمِنْ اَهْلِنَا وَمِنْ جَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ الْاَحْیَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ بَرَكَاتَهٗ بَاقِیَةً فِیْنَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامِ" آمین

(ماذا فی شعبان ص ۱۰۵ . از محدث حرم مکہ علامہ سید محمد بن علوی مالکی علیہ الرحمہ مع اضافہ از اعمال رضا ص ۱۱۲۔ قاضی عبدالرحیم)

طریقہ: شعبان المعظم کی پندرہویں رات کو بعد مغرب تین مرتبہ سورۂ یٰسٓ شریف پڑھے، پہلی بار طول عمر مع عافیت کی نیت سے، دوسری بار دفع بلا کی نیت سے، تیسری بار حصول غنا کی نیت سے اور ہر مرتبہ یٰسٓ شریف پڑھنے سے پہلے دو رکعت نماز نفل پڑھے اور چھ نفل کے بعد دعائے مذکور پڑھے اور اس دن غسل کرنا موجب نجات از بلا وسحر و جادو ہے اور بہتر یہ ہے کہ بیری کے سات پتے پیس کر ایک گھڑا پانی ملا کر اس سے غسل کرے۔ حضور اعلیٰ حضرت قدس سرہ اور سرکار مفتی اعظم ہند علیہ الرحمہ کا اس پر عمل رہا ہے۔

(مجموعہ اعمال رضا، ج ۲/۱۱۲۔۱۱۳۔ مرتبہ قاضی عبدالرحیم مطبوعہ قادری بکڈپو، نوگھلہ، بریلی)

تنبیہ مکہ مکرمہ کے مایہ ناز عالم اور حرم مکی کے عظیم محدث حضرت علامہ سید محمد بن علوی مالکی مکی علیہ الرحمہ نے اپنی مشہور تحقیقی کتاب "ماذا فی شعبان" میں اس دعا کو نقل فرما کر مقرر رکھا ہے، اور اس کے بعض حصے کو حدیث پاک سے بھی ثابت کیا ہے، اور اسے دعائے مشہور و مجرب بتایا ہے، اس سے معلوم ہوا کہ عالم عرب اور حرمین شریفین میں بھی یہ دعا شب برات کے مبارک موقع پر پڑھی جاتی ہے۔

یہ پوری دعا حدیثوں میں نظر سے نہیں گزری البتہ معمولات مشائخ سے ہے اس لیے اس کو معمولات ہی کی قبیل سے شمار کیا جائے۔

صلوٰۃ التسبیح

شب برات میں بہت سے مسلمان صلوٰۃ التسبیح پڑھتے ہیں اس لیے یہاں پر اس کے فضائل اور اس کا طریقہ بھی لکھا جاتا ہے۔

اس نماز میں بے انتہا ثواب ہے بعض محققین فرماتے ہیں اس کی بزرگی سن کر ترک نہ کرے گا مگر دین میں سستی کرنے والا، نبی کریم ﷺ نے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا: اے چچا! کیا میں تم کو عطا نہ کروں، کیا میں تم کو بخشش نہ کروں، کیا میں تم کو نہ دوں، کیا تمہارے ساتھ احسان نہ کروں، دس خصلتیں ہیں کہ جب تم کرو تو اللہ تعالیٰ تمہارے گناہ بخش دے گا، اگلا پچھلا پرانا نیا جو بھول کر کیا اور جو قصداً کیا چھوٹا اور بڑا پوشیدہ اور ظاہر، اس کے بعد صلوٰۃ التسبیح کی ترکیب تعلیم فرمائی پھر فرمایا کہ اگر تم سے ہو سکے کہ ہر روز ایک بار پڑھو تو کرو اور اگر روز نہ کرو تو ہر جمعہ میں ایک بار اور یہ بھی نہ کرو تو ہر مہینے میں ایک بار اور یہ بھی نہ کرو تو سال میں ایک بار اور اگر یہ بھی نہ کرو تو عمر میں ایک بار اور اس کی ترکیب ہمارے طور پر وہ ہے جو سنن ترمذی شریف (ج ۱ ص ۱۰۹) میں بروایت عبداللہ بن مبارک رضی اللہ تعالیٰ عنہ مذکور ہے

فرماتے ہیں کہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ پڑھے پھر یہ دعا پڑھے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ پندرہ بار پھر اَعُوْذُ اور بِسْمِ اللّٰہِ اور اَلْحَمْدُ اور سورت پڑھ کر دس بار یہی تسبیح پڑھے پھر رکوع کرے اور رکوع میں دس بار پڑھے پھر رکوع سے سر اٹھائے اور بعد تسمیع وتحمید (یعنی سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ اور رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ کے بعد) دس بار یہی تسبیح کہے پھر سجدہ کو جائے اور اس میں دس بار کہے پھر سجدہ سے سر اٹھا کر جلسہ میں دس بار پڑھے پھر دوسرے سجدہ میں دس بار پڑھے یوں ہی چار رکعت پڑھے ہر رکعت میں ۷۵ بار اور چاروں میں تین سو ہوئیں رکوع وسجود میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْم ، سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کہنے کے بعد یہ تسبیحات پڑھے۔

(بہار شریعت حصہ ۴ ص ۲۸۔ شامی ص ۶۴۳ ج ۱، غنیہ وغیرہ)

مسئلہ: ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے پوچھا گیا کہ آپ کو معلوم ہے اس نماز میں کون سی سورت پڑھی جائے؟ فرمایا سورہ تکاثر ، والعصر اور قل یٰاَیھا الکفرون اور قُل ھُوَاللہ احد اور بعض نے کہا سورۂ حدید اور حشر اور صف اور تغابن۔ (بہار شریعت ۴/ ۲۸۔ ردالمحتار ج ۱/ ۶۴۳)

مسئلہ: اگر سجدہ سہو واجب ہوا اور سجدے کرے تو ان دونوں میں تسبیحات نہ پڑھی جائیں اور اگر کسی جگہ بھول کر دس بار سے کم پڑھی ہیں تو دوسری جگہ پڑھ لے کہ وہ مقدار پوری ہو جائے اور بہتر یہ ہے کہ اس کے بعد جو دوسرا موقع تسبیح کا آئے وہیں پڑھ لے مثلاً قومہ کی سجدہ میں کہے اور رکوع میں بھولا تو اسے بھی سجدہ ہی میں کہے نہ قومہ میں کہ قومہ کی مقدار تھوڑی ہوتی اور پہلے سجدے میں بھولا تو دوسرے سجدے میں کہے جلسہ میں نہیں۔ (بہار شریعت حصہ ۴/ ۲۸، ردالمحتار ۱/ ۶۴۳)

مسئلہ: تسبیح انگلیوں پر نہ گنے، ہو سکے تو دل میں شمار کرے ورنہ انگلیاں دبا کر۔

(بہار شریعت حصہ ۴/ ۲۹ ، ردالمحتار ۱/ ۶۴۳)

مسئلہ: ہر غیر مکروہ وقت میں یہ نماز پڑھ سکتا ہے اور بہتر یہ ہے کہ ظہر سے پہلے پڑھے۔

(بہار شریعت ۴/ ۲۹، عالمگیری ۱/ ۱۱۳، ردالمحتار ۱/ ۶۴۳)

مسئلہ: ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی کہ اس نماز میں سلام سے پہلے یہ دعا پڑھے: اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ تَوْفِیْقَ اَھْلِ الْھُدٰی وَاَعْمَالَ اَھْلِ الْیَقِیْنِ وَمُنَاصَحَۃَ اَھْلِ التَّوْبَۃِ وَعَزْمَ اَھْلِ الصَّبْرِ وَجِدَّ اَھْلِ الْخَشْیَۃِ وَطَلَبَ اَھْلِ الرَّغْبَۃِ وَتَعَبُّدَ اَھْلِ الْوَرَعِ وَعِرْفَانَ اَھْلِ الْعِلْمِ حَتّٰی اَخَافَکَ اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ مَخَافَۃً تَحْجُزُنِی عَنْ مَّعَاصِیْکَ حَتّٰی اَعْمَلَ بِطَاعَتِکَ عَمَلًا اَسْتَحِقُّ بِہٖ رِضَاکَ وَحَتّٰی اُنَاصِحَکَ بِالتَّوْبَۃِ خَوْفًا مِّنْکَ وَاُخْلِصَ لَکَ النَّصِیْحَۃَ حُبًّا لَّکَ وَحَتّٰی اَتَوَکَّلَ عَلَیْکَ فِی الْاُمُوْرِ حُسْنَ ظَنٍّ بِکَ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ۔

(بہار شریعت حصہ ۴/ ۲۹ ردالمحتار ۱/ ۶۴۴)

ترجمہ: اے اللہ تجھ سے سوال کرتا ہوں ہدایت والوں کی توفیق اور یقین والوں کے اعمال اور اہل توبہ کی خیر خواہی اور اہل صبر کا عزم اور خوف والوں کی کوشش اور رغبت والوں کی طلب اور پرہیز گاروں کی عبادت اور اہل علم کی معرفت تاکہ میں تجھ سے ڈروں، اے اللہ! میں تجھ سے ایسا خوف مانگتا ہوں جو مجھے تیری نافرمانیوں سے روکے تاکہ میں تیری طاعت کے ساتھ ایسا عمل کروں جس کی وجہ سے تیری رضا کا مستحق ہو جاؤں اور تاکہ تیرے خوف سے خالص توبہ کروں اور تاکہ تیری محبت کی وجہ سے خیر خواہی کو تیرے لیے خالص کروں اور تاکہ تمام امور میں تجھ پر توکل کروں تجھ پر نیک گمان کرتے ہوئے پاک ہے نور کا پیدا کرنے والا۔ (حاشیہ بہار شریعت ۴/ ۲۹)

آتش بازی

شب برات میں بعض جگہوں پر آتش بازی اور پٹاخے کا بہت رواج ہے، یقیناً یہ ایک برا فعل ہے اس کے اسراف وفضول خرچی ہونے میں شبہہ نہیں اور فضول خرچی کرنے والے شیطان کے بھائی ہیں، جیسا کہ ارشاد خداوندی ہے:

"وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيرًا ○ إِنَّ الْمُبَذِّرِينَ كَانُوا إِخْوَانَ الشَّيَاطِينِ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِرَبِّهِ كَفُورًا" ○ (سورہ اسراء: ۱۷/۲۶-۲۷)

''اور فضول نہ اڑا بیشک اڑانے والے شیطانوں کے بھائی ہیں اور شیطان اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے''۔

یعنی شیطان نے جس طرح اپنے رب کی نعمتوں کی قدر نہ کی اور ناشکری کا مرتکب ہوا، تم بھی اللہ عزوجل کی نعمتوں کی ناشکری کر کے اس کی بارگاہ سے دور نہ کر دیے جاؤ، ذرا اس پہلو سے بھی غور کریں کہ پٹاخوں کی کریہہ اور شدید آواز سے اس مبارک شب میں قرآن کی تلاوت کرنے والوں، خدا کا ذکر کرنے والوں اور نماز پڑھنے والوں کے ذکر وعبادت میں کس درجہ خلل پڑتا ہے کیا کسی مسلمان سے اس کی توقع کی جاسکتی ہے کہ خود تو ذکر وعبادت سے دور رہے اور اللہ کے جو بندے عبادت میں مشغول ہوں ان کی عبادت میں خلل ڈالے؟ لہذا آتش بازی اور پٹاخے بڑے گناہ کے کام ہیں ان سے کوسوں دور رہنا چاہیے اور گھر کے ذمہ داروں کو چاہیے کہ اپنے اپنے گھر کے نوجوانوں اور بچوں کو بھی اس شیطانی اور فضول کام سے سختی کے ساتھ منع کریں اور اس نورانی رات کی قدر کریں ناشکرے اور شیطان کے بھائی نہ بنیں۔

یہ رات رحمتوں برکتوں سے اپنے دامنوں کو بھرنے اور نیکیوں میں اضافے کی رات ہے نہ کہ گناہ کر کے اپنے اعمال نامے سیاہ کرنے کی۔ پھر ہر سال جو سینکڑوں حادثات رونما ہوتے ہیں وہ الگ ایک مصیبت ہے کتنے مکانات جلتے ہیں اور کتنی دکانیں نذر آتش ہوتی ہیں کتنے مالی نقصانات ہوتے ہیں اور کتنے بچے نوجوان جل کر موت کے گھاٹ اتر جاتے ہیں مزید برآں ایک بڑی مصیبت یہ بھی ہے کہ اس کے ذریعہ کمایا ہوا مال بھی ناجائز وحرام ہوتا ہے جس کا استعمال کرنا کرانا آخرت کا وبال مول لینا ہے۔ جب کہ مسلمان پر فرض ہے کہ وہ حلال کمائے اور اس کو اپنے بال بچوں کو کھلائے حرام کھانے سے عبادتیں قبول نہیں ہوتیں اور عائیں رد کر دی جاتی ہیں۔

اس سے وہ لوگ سبق حاصل کریں جو آتش بازی اور پٹاخوں کی بڑی بڑی دکانیں لگا کر راتوں رات مالدار بننے کی کوشش کرتے ہیں۔

فاتحہ

حلوہ یا کوئی عمدہ چیز پکا کر یا کسی مسلمان پاکیزہ طبیعت حلوائی کی دوکان سے خرید کر اس پر بزرگوں، عام مرحوم مسلمانوں اور اپنے اقربا کی فاتحہ دلانا یعنی انہیں ایصال ثواب کرنا ایک مستحسن اور اچھا کام ہے اسے بدعت سے کوئی تعلق نہیں۔ بلکہ قرآن وحدیث اور فقہ سے اس کا ثبوت ہے تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو ''اثبات ایصال ثواب'' از شارح بخاری مفتی محمد شریف الحق امجدی، اور نصرۃ الاصحاب باقسام ایصال الثواب، از ملک العلما مولانا ظفر الدین بہاری علیہما الرحمۃ۔

زیارت قبور

قبروں کی زیارت کو جانا سنت ہے، سرکار دوعالم ﷺ نے قبروں کی زیارت کی ہے اور اس کا حکم بھی دیا ہے اور اس کے فوائد وبرکات پر بھی روشنی ڈالی ہے، چند حدیثیں ملاحظہ ہوں۔

(۱) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ فَزُورُوهَا فَإِنَّهَا تُزَهِّدُ فِي الدُّنْيَا وَتُذَكِّرُ الْآخِرَةَ۔ (سنن ابن ماجہ: ۱۱۲ ومشکوۃ ص ۱۵۴ باب زیارۃ القبور کتاب الجنائز)

ترجمہ: میں نے تم کو زیارتِ قبور سے منع کیا تھا اب قبروں کی زیارت کرو، اس لیے کہ وہ دنیا سے بے رغبت کرتی ہیں اور آخرت کی یاد دلاتی ہیں۔ روایت کیا اس حدیث کو ابن ماجہ نے۔

(۲) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی امام مسلم کی ایک روایت میں ہے۔

فَزُورُوا الْقُبُورَ فَإِنَّهَا تُذَكِّرُ الْمَوْتَ

(صحیح مسلم ۱/۳۱۴ مشکوۃ ۱۵۴ مجلس برکات مبارک پور)

ترجمہ: تو اب قبروں کی زیارت کرو، اس لیے کہ قبریں موت کو یاد دلاتی ہیں۔

شارح مشکوٰۃ ملا علی قاری علیہ الرحمہ فرماتے ہیں،

وَاَجْمَعُوْا عَلٰی اَنَّ زِیَارَتَهَا سُنَّةٌ لَهُمْ وَهَلْ تُكْرَهُ لِلنِّسَاءِ وَجْهَانِ قَطَعَ الْاَكْثَرُوْنَ بِالْكَرَاهَةِ وَمِنْهُمْ مَنْ قَالَ لَا يُكْرَهُ اِذَا اَمِنَتِ الْفِتْنَةَ۔

(مرقاۃ المفاتیح حاشیہ مشکوٰۃ ص ۱۵۴)

اس پر اجماع ہے کہ قبروں کی زیارت مردوں کے لیے سنت ہے اب رہا یہ کہ کیا عورتوں کے لیے مکروہ ہے؟ تو اس میں دو قول ہیں، اکثر علما نے کراہت کا حکم دیا ہے اور بعض نے فرمایا کہ مکروہ نہیں، مگر یہ اس وقت ہے کہ فتنے کا خوف نہ ہو۔

اعلیٰ حضرت امام اہل سنت قدس سرہ فرماتے ہیں:

اصح یہ ہے کہ عورتوں کو قبروں پر جانے کی اجازت نہیں

(فتاویٰ رضویہ ۴/ ۱۶۵، سنی دار الاشاعت مبارک پور)

اور فرماتے ہیں عورتوں کو زیارتِ قبور منع ہے، حدیث میں ہے:

(۳) لَعَنَ اللّٰهُ زَائِرَاتِ الْقُبُوْرِ۔ (ابن ماجہ: ۱۹۳)

ترجمہ: ''اللہ کی لعنت ان عورتوں پر جو قبروں کی زیارت کو جائیں۔''

زیارت قبور کا طریقہ یہ ہے کہ پائنتی کی جانب سے جا کر میت کے منہ کے سامنے کھڑا ہو سرہانے سے نہ آئے کہ میت کے لیے باعثِ تکلیف ہے یعنی میت کو گردن پھیر کر دیکھنا پڑے گا کہ کون آیا۔ (بہار شریعت ۴/ ۱۶۱)

قبروں کا سلام اور دعائیں

زیارت قبور کے وقت سلام کرنے کا حکم بھی حدیث میں آیا ہے، متعدد روایات میں مختلف الفاظ آئے ہیں۔ مشکوٰۃ شریف باب زیارۃ القبور سے اور صحیح مسلم وترمذی سے سلام ودعا کے بعض الفاظ نقل کیے جاتے ہیں سب یا ان میں سے کوئی ایک سلام بھی یاد کر کے پڑھے تو بہتر ہے۔

(۱) "اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ، نَسْئَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ"۔

(مسلم شریف ۱/ ۳۱۴۔ کتاب الجنائز، مشکوٰۃ: ص ۱۵۴، باب زیارۃ القبور)

(۲) "اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الْقُبُوْرِ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ"۔ (ترمذی شریف ۱/ ۱۲۵۔ مشکوٰۃ: ص ۱۵۴)

(۳) "اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ وَاَتَاكُمْ مَا تُوْعَدُوْنَ غَدًا مُّؤَجَّلُوْنَ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَا حِقُوْنَ۔ (صحیح مسلم ۱/ ۳۱۳)

(۴) "اَلسَّلَامُ عَلٰى اَهْلِ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَيَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنَّا وَالْمُسْتَاْخِرِيْنَ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ"۔

(مسلم شریف ۱/ ۳۱۴۔ مشکوٰۃ: ص ۱۵۴)

(۵) قبرستان میں جائے تو الحمد شریف اور الٓمٓ سے مفلحون تک اور آیۃ الکرسی اور آمن الرسول آخر سورہ تک اور سورۂ یٰسٓ اور تبارک الذی اور الھٰکُمُ التکاثُر ایک ایک بار اور قل ھو اللہ احد بارہ یا گیارہ یا سات یا تین بار پڑھے۔ اور ان سب کا ثواب مُردوں کو پہنچائے۔

حدیث میں ہے کہ جو گیارہ بار قل ھو اللہ شریف پڑھ کر اس کا ثواب مُردوں کو پہنچائے تو مردوں کی گنتی کے برابر اسے ثواب ملے گا۔

(درمختار، ردالمحتار، بحوالہ بہار شریعت ۴/ ۱۶۵ مطبوعہ بریلی)

قبرستان کے مسائل

مسئلہ: قبرستان میں جوتیاں پہن کر نہ جائے، ایک شخص کو حضور اقدس ﷺ نے جوتے پہنے دیکھا تو فرمایا جوتے اتار دے نہ قبر والے کو تو ایذا دے نہ وہ تجھے۔

(بہار شریعت ۴/ ۱۶۰)

مسئلہ: قبر پر بیٹھنا، سونا، چلنا، پاخانہ پیشاب کرنا حرام ہے، قبرستان میں جو نیا راستہ نکالا گیا اس سے گزرنا، ناجائز ہے خواہ نیا ہونا اسے معلوم ہو یا اس کا گمان ہو۔

(عالمگیری درمختار، بہار شریعت ۴/۱۶۴)

شب برات میں چراغاں

شب برات چونکہ گناہوں سے معافی کی رات ہے اور مسلمان اس مبارک شب میں عبادات کا بھی اہتمام کرتے ہیں، راتوں کو قبرستان کی زیارت کے لیے بھی جاتے ہیں، جو مسنون ہے تو ظاہر ہے کہ عام شب کے مقابلے میں اس رات کچھ زیادہ روشنی کی ضرورت ہوتی ہے، قبرستان عام دنوں میں راتوں کو تاریک ہوتے ہیں، روشنی کی کوئی حاجت بھی نہیں ہوتی لیکن شب برات میں زیارت قبور کی وجہ سے لوگوں کی آمد و رفت ہوتی ہے اس لیے وہاں روشنی ضروری ہے، یوں ہی مساجد میں بھی عام دنوں میں عشا کی نماز کے فوراً یا کچھ دیر بعد روشنی بجھادی جاتی ہے یا بہت معمولی سا کوئی بلب جلا دیا جاتا ہے، جہاں تیل کا چراغ یا موم بتیاں جلتی ہیں وہاں تو بعد عشا ہی اندھیرا کر دیا جاتا ہے، لیکن شب برات میں عبادت وتلاوت قرآن کرنے والے مسلمان کثرت سے مساجد میں آتے اور شب بیداری کرتے ہیں اس لیے عام دنوں کے مقابلے میں اس مبارک موقع پر پوری روشنی کی جاتی ہے، یہ کوئی ایسی چیز نہیں کہ اس کو بدعت یا ناجائز کہا جائے اگر بلاوجہ روشنی کی جاتی ہے یا روشنی کرنے ہی کو اس شب میں کوئی خاص اہمیت دی جاتی ہے تو یقیناً غلط ہے کہ اس مبارک شب میں روشنی کرنے کا کوئی حکم وارد نہیں۔

لہذا حسب ضرورت مساجد میں یا قبرستانوں میں یا عام شاہراہوں میں روشنی کی جائے تو اس کی ممانعت کی بھی کوئی وجہ نہیں اور بلاوجہ مسلمان کے کسی فعل کو جو کسی صحیح غرض کی بنا پر کیا جاتا ہو ناجائز یا بدعت کہنا سراسر ظلم ہے، شریعت اسلامیہ اس کی ہرگز اجازت نہیں دیتی۔

کچھ لوگ یہ بھی اعتراض کرتے ہیں کہ نفل عبادت کرنے کے لیے گھر زیادہ مناسب ہے نہ کہ مساجد، ان کو معلوم ہونا چاہیے کہ اس زمانے میں گھروں کے اندر عبادت کرنے میں ہرگز وہ سکون واطمینان نہیں مل سکتا جو مسجد میں نصیب ہوتا ہے گھروں میں کہیں عورتوں کی کثرت ہوتی ہے، کہیں بچے شور شرابا کرتے ہیں اور خود سونے والے بچے بھی اکثر راتوں کو بار بار اٹھا کرتے ہیں اور روتے چلاتے ہیں، یا کچھ بچے یا عورتیں سوتی ہیں تو ان کی وجہ سے مرد کو بھی عبادت میں چستی نہیں ہوتی بلکہ ان کو دیکھ کر سونے کی خواہش پیدا ہوتی ہے جب کہ مساجد میں ایک جشن اور انبوہ کی وجہ سے آدمی غفلت کا شکار نہیں ہوتا اور دوسروں کو دیکھ کر عبادت میں ذوق وشوق بھی پیدا ہوتا ہے، لہذا مساجد ہی میں عبادت وتلاوت بہتر ہے نہ گھروں میں۔ اس کی مثال بالکل ایسی ہی ہے کہ سنت ونفل نمازوں کو گھروں میں ہی پڑھنے کا حکم ہے اور مساجد میں بھی جائز ہے، لیکن اس زمانے میں عمل اسی پر ہے کہ لوگ نوافل مساجد ہی میں ادا کرتے ہیں، اور اس زمانے میں یہی مناسب بھی ہے، اگر سکون واطمینان کے ساتھ کوئی گھروں میں نوافل پڑھے تو بہتر ہے، لیکن اسی کو لازم قرار دے کر مسجد میں نوافل کو ناجائز نہیں کہا جاسکتا۔

اصل مقصد اللہ کی یاد اور عبادت میں مشغول ہونا ہے وہ جس طرح حاصل ہو بہتر ہے، ہاں کسی خاص طریقے کو شریعت نے منع کر دیا ہو تو اس سے بچنا ضروری ہے، اللہ عزوجل شب برات کی قدر کرنے اور اس میں زیادہ سے زیادہ عبادت کی توفیق دے، گناہوں سے سچی توبہ نصیب فرمائے، نیک بننے اور دوسروں کو نیکی کی دعوت دینے کا جذبہ عطا کرے، اپنے پیارے حبیب علیہ الصلاۃ والسلام کے نقش قدم پر چلائے۔

آمین بجاہ سیدالمرسلین علیہ وآلہ وصحبہ الصلاۃ والتسلیم

شب برات کا حلوہ

شب برات میں حلوہ پکانا نہ تو فرض ہے نہ سنت، نہ حرام وناجائز بلکہ حق بات یہ ہے کہ شب برات میں دوسرے تمام کھانوں کی طرح حلوہ پکانا بھی ایک مباح

اور جائز کام ہے اور اگر اس نیک نیتی کے ساتھ ہو کہ ایک عمدہ اور لذیذ کھانا فقرا اور مساکین اور اپنے اہل وعیال کو کھلا کر ثواب حاصل کرے تو یہ ثواب کا بھی کام ہے۔

درحقیقت اس رات میں حلوے کا دستور یوں نکل پڑا کہ یہ مبارک رات صدقہ وخیرات اور ایصال ثواب وصلہ رحمی کے لیے خاص ہے، لہذا انسانی فطرت کا تقاضا ہے کہ ایسے موقع پر کوئی مرغوب اور لذیذ کھانا پکایا جائے، بعض عالموں کی نظر بخاری شریف کی اس حدیث پر پڑی کہ: "کان رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یُحِبُّ الحَلوَاءَ والعَسَلَ" (بخاری:۲/۸۳۸، کتاب الاطعمہ)

ترجمہ: یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حلوہ (شیرینی) اور شہد کو پسند فرماتے تھے۔

لہذا ان علمائے کرام نے اس حدیث پر عمل کرتے ہوئے اس رات میں حلوہ پکایا پھر رفتہ رفتہ عوام میں اس کا چرچا اور رواج ہو گیا، چنانچہ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمہ کے ملفوظات میں ہے کہ ہندوستان میں شب برات میں روٹی اور حلوہ پر فاتحہ دلانے کا دستور ہے، اور سمرقند وبخارا میں "قتلمہ" پر جو ایک میٹھا کھانا ہے۔ (بحوالہ جنتی زیور از علامہ عبدالمصطفیٰ اعظمی علیہ الرحمہ ص ۱۳۲)

اور بہتر وعمدہ چیز اللہ کی راہ میں صدقہ کرنے کی قرآن پاک میں بھی تاکید آئی ہے، رب عزوجل فرماتا ہے:

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوا مِمَّا تُحِبُّوْنَ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَیْءٍ فَاِنَّ اللّٰہَ بِہٖ عَلِیْمٌ۔ (ال عمران:۳/۹۲)

تم ہرگز بھلائی کو نہ پہنچو گے جب تک راہِ خدا میں اپنی پیاری چیز نہ خرچ کرو اور تم جو کچھ خرچ کرو اللہ کو معلوم ہے۔ (کنز الایمان)

یعنی اچھی خراب جو چیز بھی صدقہ کروگے اسے خوب معلوم ہے اور وہ اسی کے مطابق تمہیں اس کا اجر دے گا۔

الغرض شب برات کا حلوہ ہو یا عید کی سوئیاں، محرم کا کھچڑا ہو یا مالیدہ، محض ایک رسم ورواج کے طریقے پر لوگ پکاتے اور کھاتے کھلاتے ہیں کوئی بھی یہ عقیدہ نہیں

رکھتا کہ یہ فرض یا سنت ہیں یا ان ہی پر فاتحہ ہو سکتی ہے دوسری چیز پر نہیں، اس لیے اس کو ناجائز کہنا درست نہیں، اور خوب یاد رکھیں کہ کسی حلال کو حرام ٹھہرانا اللہ پر جھوٹی تہمت لگانا ہے جو ایک بدترین گناہ ہے۔ قرآن مجید میں ہے:

"قُلْ اَرَاَیْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰہُ لَکُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْہُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا، قُلْ آٰللّٰہُ اَذِنَ لَکُمْ اَمْ عَلَی اللّٰہِ تَفْتَرُوْنَ"۔ (یونس ۱۰/۵۹)

یعنی کہہ دو بھلا بتاؤ تو وہ جو اللہ نے تمہارے لیے رزق اتارا، اس میں تم نے اپنی طرف سے کچھ حرام اور کچھ حلال ٹھہرالیا (اے پیغمبر ان سے) فرمادو کیا اللہ نے اس کی تمہیں اجازت دی، یا اللہ پر تم لوگ تہمت لگاتے ہو؟۔

اس آیت سے ثابت ہوا کہ کسی چیز کو اپنی طرف سے حلال یا حرام کرنا ممنوع اور خدا پر افترا ہے، آج بہت سے لوگ اس میں مبتلا ہیں کو جو منع ہے اس کو تو حلال کہتے ہیں اور جو مباح ہے اسے حرام بتاتے ہیں، کتنے لوگ محفل میلاد رسول، شب برات کا حلوہ، فاتحہ اور گیارہویں کی شیرینی کو حرام بتاتے ہیں ان کو اس آیت سے سبق لینا چاہیے،

حیرت ہے کہ اعتراض کرنے والے جو سال بہ سال عید وبقرعید میں پابندی کے ساتھ سوئیاں بناتے کھاتے اور کھلاتے ہیں، تحفے میں دوست احباب اور رشتہ داروں کے پاس بھیجتے اور ان کو کھلاتے ہیں جب کہ عید کے اعمال میں اس کا کہیں ذکر نہیں، یہ بھی محض رواج کے طور پر ہے، پھر جو خود کریں اس پر بدعت کا حکم نہ لگائیں اور ہم اہل سنت وجماعت کے معمولات پر بدعت کا حکم لگا کر فساد واختلاف پیدا کریں، یہ کہاں کی شریعت ہے؟

لہٰذا مسلمان بھائیوں سے گزارش ہے کہ جو نیک کام کرتے ہیں کرتے رہیں کسی کے بہکانے میں نہ آئیں۔ ہاں ہر ایک کام میں خدا کی رضا اور اپنے بھائیوں کی بھلائی کو ضرور مدنظر رکھیں تاکہ پورا پورا ثواب پائیں اور ریا ونمود سے بچیں،

شب برات اور اعلیٰ حضرت کا معمول

شب برات قریب ہے۔ اس رات تمام بندوں کے اعمال حضرت عزت میں پیش ہوتے ہیں۔ مولیٰ عزوجل بطفیل حضور پرنور شافع یوم النشور علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام مسلمانوں کے ذنوب معاف فرماتا ہے۔ مگر چند، ان میں وہ دو مسلمان جو باہم دنیوی وجہ سے رنجش رکھتے ہیں۔ فرماتا ہے ان کو رہنے دو۔ جب تک آپس میں صلح نہ کرلیں۔ لہذا اہل سنت کو چاہیے کہ حتی الوسع قبل غروب آفتاب ۱۴ر شعبان باہم ایک دوسرے سے صفائی کرلیں۔ ایک دوسرے کے حقوق ادا کردیں یا معاف کرالیں کہ باذنہ تعالیٰ حقوق العباد سے صحائف اعمال خالی ہوکر بارگاہ عزت میں پیش ہوں۔

حقوق مولیٰ تعالیٰ کے لیے توبۂ صادقہ کافی ہے۔ اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ کَمَنْ لَاذَنْبَ لَهٗ۔ (گناہ سے توبہ کرنے والا بے گناہ کی طرح ہے ۱۲ ان) ایسی حالت میں باذنہ تعالیٰ ضرور اس شب امید مغفرت تامہ ہے۔ بشرط صحت عقیدہ، وہوالغفورالرحیم۔ یہ سب مصالحتِ اِخوان ومعافیِ حقوق بحمدہ تعالیٰ یہاں سالہائے دراز سے جاری ہے۔ امید کہ آپ بھی وہاں مسلمانوں میں اس کا اجرا کرکے من سن فی الاسلام سنة حسنة فله اجرها واجرمن عمل بها الی یوم القیامة لا ینقص (ذلك) من اجورهم شیئا، کے مصداق ہوں۔ یعنی جو اسلام میں اچھی راہ نکالے۔ اس کے لیے اس کا ثواب ہے اور قیامت تک جو اس پر عمل کریں۔ ان سب کا ثواب ہمیشہ اس کے نامۂ اعمال میں لکھا جائے۔ بغیر اس کے کہ ان کے ثوابوں میں کچھ کمی آئے۔

اور اس فقیر ناکارہ کے لیے عفو وعافیت دراین کی دعا فرمائیں۔ فقیر آپ کے لیے دعا کرے گا اور کرتا ہے، سب مسلمانوں کو سمجھا دیا جائے کہ وہاں نہ خالی زبان دیکھی جاتی ہے، نہ نفاق پسند ہے، صلح ومعافی سب سچے دل سے ہو۔ والسلام۔

فقیر احمد رضا قادری غفرلہ